لا یؤمن احدکم حتی اکون احب الیہ من والدہ وولدہ والناس اجمعین

نعتیہ کلام

ہندوستان کے نامور اور باکمال شعراء

کی

پُردرد اور دل آویز نعتوں کا

لاجواب مجموعہ

مُرتبہٗ

منشی محمد حسین صادق ہیڈ کلرک دفتر

اخبار زمیندار لاہور

مولوی عبدالحق کی رفاہ عام سٹیم پریس لاہور میں طبع ہوا

سنہ ۱۳۳۰ھ

قیمت [illegible] آنے

نذر

خاکسار اِس متبرک اور پاکیزہ کلام کو جامع درجاتِ ولایت و وارثِ کمالاتِ نبوت دافع بدعات و ضلالت عاملِ کتاب اللہ والسنت قدوۃ الکاملین زبدۃ العارفین عالیجناب حاجی حافظ صوفی سید جماعت علیشاہ صاحب نقشبندی مجددی علی پوری ادام اللہ فیوضہم و برکاتہم کی خدمت بابرکت میں نہایت ادب و احترام سے نذر گذرانتا ہے ﷺ گر قبول اُفتد زہے عزّ و شرف

خاکسار

محمد حسین صادق ہیڈ کلرک دفتر میونسپل لاہور

فہرست مضامین

۷۸۶

حمد

شکر و سپاس و منّت و عزّت خدائے را
پروردگارِ خلق و خداوندِ کبریا

دادارِ غیب دان و نگهدارِ آسمان
رزّاقِ بنده پرور و خلّاقِ رهنما

اِقرار میکند دو جهاں بریگانگیش
یکتا و پُشتِ عالمیاں بردرش دوتا

گوهر ز سنگِ خاره کند لولو از صدف
فرزندِ آدم از گِل و برگِ گُل از گیا

سُبحَانَ مَنْ یُمِیتُ وَیُحْیِی وَلَا اِلٰهَ
اِلَّا هُوَ الَّذِی خَلَقَ الْاَرْضَ وَالسَّمَا

بارے ز سنگ چشمهٔ آب آورد پدید
بارے ز آب چشمه کند سنگ ذرّه سا

گاہے بصنعِ ماشطه بر روئے خوب رو
گلگونهٔ شفق کند و سرمهٔ دجا

دریائے لطفِ اوست وگرنه سحاب کیست
تا بر زمینِ مشرق و مغرب کند سخا

اِنْ شِئْتَنَا بِلُطْفِكَ یَا صَانِعَ الْوُجُود
فَاغْفِرْ لَنَا بِفَضْلِكَ یَا سَامِعَ الدُّعَا

اربابِ شوق در طلبت بیدلند و هوش
اصحابِ فهم در صفتت بیسرند و پا

شبهائے دوستانِ ترا اَنْعَمُ الصَّبَاح
واں شب که بے تو روز کند اظلمُ المسا

یادِ تو روح پرور و وصفِ تو دلفریب
نامِ تو غمزدائے و کلامِ تو دلربا

بے سکهٔ قبولِ تو نقدِ عمل دغل
بے خاتمِ رضائے تو سعیِ امل هبا

جائیکه تیغ قہر برارد مہابتت	ویراں کند بسیل عرم جنت سبا
شاہاں بر آستان جلالت نہاده سر	گردن کشاں مطاوع و گنجوراں گدا
گر جمله را عذاب کنی ور عطا دہی	کس را مجال آں نه که آنچون و ایں چرا
خود دست و پائے فہم و بلاغت کجا رسد	تا در بحار وصف جلالت کند شنا
گاہے سموم قہر تو ہمدست با خزاں	گاہے نسیم لطف تو ہمراز با صبا
خواہندگان درگہ بخشائش تو اند	سلطان در سراوق و درویش در عبا
آں دست در تضرّع و ایں روے بر زمیں	آں چشم در اشارت و ایں گوش در ندا
مردان راست از نظر خلق در حجاب	شب در لباس معرفت و روز در قبا
فرخنده طالعے که کند یاد او بخیر	برگشته دولتے که فرامش کند ترا
چندیں ہزار سکۂ پیغمبری زدند	اوّل بنام آدم و آخر بمصطفا
الہامش از جلیل و پیامش ز جبرئیل	رایش نه از طبیعت و لطفش نه از ہوا
در نعت او زبان فصاحت کجا رسد	خود پیش آفتاب چه رونق دہد سہا
دانی که در بیان اذا الشّمس کوّرت	معنی چه گفته اند بزرگان پارسا
یعنی وجود خواجه سر از خاک بر کند	خورشید و ماه را نبود بعد ازاں ضیا
اے برتریں مقام ملائک بر آسماں	با منصب تو زیرتریں پایۂ علا
شعر آورم بحضرت عالیت زینہار	با وحی آسماں چه زند سحر مفترا
یارب بدست آنکه قمر زد دو نیم شا	تسبیح گفت در کف میمون او حصا
کافتادگان شہوت نفسیم دستگیر!	اِرفق لمن تجاوز واغفر لمن عصا
تریاق در دہان رسول آفرید حق	صدیق را چه غم بود از زہر جاں گزا
اے یار غار سیّد و صدیق نامور!	مجموعۂ فضائل و گنجینۂ صفا

مرداں قدم بصحبتِ یاراں نہادہ اند
لیکن نہ آں چناں کہ تو در کامِ اژدہا

یار آں بود کہ مال و تن و جاں فدا کند
تا در سبیل دوست بپایاں برد وفا

دیگر عمر کہ لائقِ پیغمبری بُدے
گر خواجۂ رسُل نہ بُدے ختمِ انبیا

سالارِ خیل خانۂ دیں صاحبِ رسُول
سر دفترِ خدائے پرستانِ بے ریا

دیوے کہ خلق عالمش از دست عاجز اند
عاجز در آں کہ چوں شود از دستِ او رہا

دیگر جمالِ صورتِ عثماں کہ بر نکرد
در پیشِ دستِ دشمنِ قاتل سر از حیا

ایں شرطِ مہربانی و تحقیقِ دوستی ست
کز مہرِ دوستاں بری از دشمناں جفا

خاصانِ حق ہمیشہ بلیّت کشیدہ اند
ہم بیشتر عنایت و ہم بیشتر عنا

کس را چہ زور زہرہ کہ وصفِ علی کند
جبّار در مناقبِ او گفت ہَل اَتیٰ

زور آزمائے قلعۂ خیبر کہ دستِ او
دریکدگر شکست بازوے لافتیٰ

شیرِ خدا و صفدرِ میدان و بحر و بر
جاں بخش در نماز و جہاں سوز در وغا

دیباچۂ مروّت و سلطانِ معرفت
لشکر کشِ فتوّت و سردارِ اتقیا

فردا کہ ہر کسے بشفیعے زنند دست
مائیم و دست و دامنِ معصومِ مرتضیٰ

پیغمبر آفتابِ منیر است در جہاں
وایناں ستارگانِ بزرگند و مقتدا

یارب بنسلِ طاہرِ اولادِ فاطمہ
یارب بخونِ پاکِ شہیدانِ کربلا

یارب بصدقِ سینۂ پیرانِ راست رَو
یارب بآبِ دیدۂ مردانِ آشنا

دلہائے خستہ را ز کرم مرہمے فرست
اے اسمِ اعظمت درِ گنجینۂ شفا

گر خلق تکیہ بر عملِ خویش کردہ اند
ما را بس است رحمت و فضلِ تو متکا

یارب خلافِ امرِ تو بسیار کردہ ایم
امّید ہست از کرمت عفوِ ما مضیٰ

چشمِ گناہگار بود بر خطائے خویش
ما را ز غایتِ کرمت چشم بر عطا

یارب بلطف خویش گناهان ما بپوش — روزی که رازها فتد از پرده بر ملا

همواره از تو لطف خداوندی آمده است — وز ما چنان که در خورِ ما فعلِ ناسزا

عدل است اگر عقوبتِ ما بیگنه کنی — لطف است اگر کشی قلمِ عفو بر خطا

گر تقویت کنی ز ملک بگذرد بشر — ور تربیت کنی به ثریا رسد ثرا

دلهای دوستانِ تو خون میشود ز خوف — باز از کمالِ لطفِ تو دل می‌دهد رجا

یارب قبول کن به بزرگی و لطفِ خویش — کانرا که رد کنی نبود هیچ ملتجا

ما را تو دستگیر و حوالت مکن بخلق — اِلّا اِلَیکَ حاجتِ درماندگان فلا

کردی تو آنچه شرطِ خداوندیِ تو بود — ما در خورِ تو هیچ نکردیم ربّنا

سهل است اگر بچشمِ عنایت نظر کنی — اصلاحِ قلب را چه محل پیشِ کیمیا

اولیٰ تر آنکه هم تو بگیری بلطفِ خویش — دستی وگرنه هیچ نیاید ز دستِ ما

کاری بمنتها نرسانیده در طلب — بردیم روزگارِ گرامی به منتها

فی الجمله دستهای تهی بر تو داشتیم — خود دست جز تهی نتوان داشت بر خدا

یا دولتا اگر بعنایت نظر کنی — وا خجلتا اگر بعقوبت دهی جزا

ای نفس جهد کن که چو مردان قدم زنی — ور پای بسته بدعا دست بر گشا

پیدا بود که بنده بکوشش کجا رسد — بالای هر سری قلمی رفته از قضا

کس را بخیر و طاعتِ خویش اعتماد نیست — آن بی بصر بود که کند تکیه بر عصا

ای پای بسته عمرِ تو در رهگذرِ سیل — چندین امل چه پیش نهی مرگ در قفا

تا روزِ اولت چه نوشته است بر جبین — زیرا که در ازل همه سعدند و اشقیا

در کوه و دشت هر سبعی صوفئی بُدی — گر هیچ سودمند بُدی صوفِ بی صفا

پهلوی تن ضعیف کند پشتِ دل قوی — صیدی که در ریاضِ ریاضت کند چرا

گر بر وجودِ عاشقِ صادق زنند تیغ
گویند کُش که مالِ سبیل است و جاں فدا

ما را بنوشدارُوئے دشمن اُمید نیست
وز دستِ دوست گر همه زهر است جفا

چوں شادمانی و غمِ دُنیا مقیم نیست
فرعون کامراں بہ و ایوّب مُبتلا

امثالِ ما به تنگی و سختی بمُرده اند
ما خود چه لائقیم به تشریفِ اولیا

غم نیست زخم خوردهٔ راهِ خدائے را
دردے چه خوش بود که حبیبش کند دوا

مابینِ آسمان و زمیں جائے عیش نیست
یک دانه چوں جهد ز میانِ دو آسیا

عُمرت برفت و چارهٔ کارے نساختی
اکنوں که چاره نیست به بیچارگی بیا

کردارِ نیک و بد بقیامت قرینِ تُست
آں اختیار کن که تواں دیدنش لقا

تا هیچ دانه نفشانی بجُز کرم
تا هیچ مایه نستانی بجُز بقا

نااهل را نصیحتِ سعدی چنانکه هست
گفتیم اگر بسُرمه تفاوت کند عمیٰ

گوئی کدام سنگدل ایں پند نشنود
بر کوه خواں که باز بگوش آیدت صدا



نعت

نشان کس نہ بُد پیش از محمدؐ در جہاں پیدا — شد از نام نشانش ایں ہمہ نام و نشاں پیدا
بپاس خاطرش از لامکانی شد مکاں پیدا — شد اندر بے نشانی بہر اظہارش نشاں پیدا
فلک سوئے زمیں خم کرد گردن بہر تعظیمش — چو شد اندر جہاں آں سرور پیغمبراں پیدا
بتوصیفِ لبِ لعلِ محمدؐ شکر افشانم — شود اندر دہانم گر زباں طب اللساں پیدا

رقم نام محمدؐ کرد بر لوحِ جہاں اوّل
چو شد بر صفحۂ ایجاد کلکِ و زباں پیدا

اے بر تو صد ہزار درود و سلامِ ما — جز عرضِ خاک بوس چہ باشد پیامِ ما
از بیش و کم چہ گویمت اے ساقیِ کریم — چشمے بسوئے خود کن و چشمے بجامِ ما
در ظلمتم نشاندہ و جہاں را فروغ داد — بے مہر گشت پرتوِ ماہِ تمامِ ما
در تیرہ خاکِ ہند سحر را نمود نیست — کو طیبہ کہ صبح برانید شامِ ما
مارا ازانکہ ذوقِ دگر لطف کردہ اند — نیش مدینہ نوش در آمد بکامِ ما
از شرِّ ہند و فتنۂ ہند و بلائے ہند — جز طیبہ نیست مأمن و دار السلامِ ما
مہرِ تو در معاش کفیلِ امورِ من — لطفِ تو در معاد مدار المہامِ ما

خُم ہا لبالب اند حریفاں فتادہ مست
تو ساقیِ کریمی و خالی است جامِ ما

قرباں شوم یکے ز لبِ لعل خود بگو
با لُطفِ خاص کائے حسنِ ما غُلامِ ما

بسوئے مدینہ ہمی بری تو خجستہ بخت چو لُکہا
ز مدینہ اے کہ رسیدہ در و بامِ آں ہمہ دیدہ
چو بشہرِ او گذرے کنی چو بروضہ اش نظرے کنی
بہ زیارتِ سرِ کوئے او بطوافِ سُوئے بسُوئے او

برائے صبا ز منِ غریب تو صلوٰۃ شام و پگاہ را
بسرم بیا قدمے بنہ بفزائے عزّت و جاہ را
برساں سجودِ نیازِ من تو حبیبِ بار اُذرا
خود اگر دلا! تو نمی رسی بفرست نالۂ و آہ را

رہِ یثرب ایکہ تو بسپری کفِ خاک آں بمن آوری
کہ کنم عبیر فشاں ازاں ہمہ خرقہ را و کلاہ را

وَصَلَّی اللہُ عَلٰی نُورٍ کزو شد نورہا پیدا
ازو در ہر تنے ذوقے وزو در ہر دلے شوقے
محمّد احمد و محمود وے را خالقش بستود
اگر نامِ محمّد را نیا وردے شفیعِ آدم
نہ ایُّوب از بلا راحت نہ یُوسف حشمت و شوکت
دو چشمِ نرگسینش را کہ مَا زَاغَ البَصَر خوانند

زمیں از حُبِّ او ساکن فلک در عشقِ او شیدا
ازو بر ہر زباں ذکرے وزو در ہر سرے سودا
کزو شد بود ہر موجُود زو شد دیدہ ہا بینا
نہ آدم یافتے توبہ نہ نُوح از غرق نَجَّیْنَا
نہ عیسیٰ آں مسیحا دم نہ موسیٰ آں یدِ بیضا
دو زلفِ عنبرینش را کہ وَاللَّیْلِ اِذَا یَغْشٰی

زِ سرِّ سینہ اش جامی اَلَمْ نَشْرَحْ لَکَ برخواں
ز معراجش چہ می خوانی کہ سُبْحَانَ الَّذِیْ اَسْرٰی

یہ جلوۂ حق سُبحان اللہ یہ نورِ ہدایت کیا کہنا
جبریل بھی ہیں شیدا اُن کے یہ شانِ نبوّت کیا کہنا
وہ کُفر کی ظُلمت دُور ہوئی اور محفل دیں پُرنور ہوئی

یہ مہرِ ہدا ہے سبحان اللہ یہ صبحِ سعادت کیا کہنا
جس دل میں ہو پرتوِ کرسی و عرش اُس دل کی بلندی صلِ علیٰ
جس سینے میں قرآں اُترا ہو اُس سینے کی عظمت کیا کہنا
تسبیح سے دُنیا گُونج اُٹھی تکبیر کا غُل تا عرش گیا
تاثیرِ ہدایت صلِ علیٰ یہ جوشِ عبادت کیا کہنا
نغمہ ہے ترا دلکش اکبرؔ مضمون ترا پاکیزہ و تر
بُلبل کے ترانے صلِ علیٰ پھُولوں کی لطافت کیا کہنا

دُر فشانی نے تری قطرہ کو دریا کر دیا
دِل کو روشن کر دیا آنکھوں کو بینا کر دیا
خود نہ تھے جو راہ پر اوروں کے ہادی بن گئے
کیا نظر تھی جس نے مُردوں کو مسیحا کر دیا

وُہ تو موسیٰ ہوا جو طالبِ دیدار ہوا
پھر وُہ کیا ہوگا کہ جس نے تمہیں دیکھا ہوگا

اَے موت! ابھی اَور ہے جینے کی تمنّا
رونے بھی وہیں پر ہوں نمازیں بھی وہیں ہوں
روضے سے ترے شام و سحر سیر ہوں آنکھیں
آجاؤ دَمِ نزع اگر تم سرِ بالیں
تُربت پہ مری عطرِ گلابی نہ چھڑکنا
اُس در کی فقیری نے شہنشاہ بنایا

باقی ہے مرے دِل میں مدینے کی تمنّا
برسوں سے ہے اِک ایسے مہینے کی تمنّا
کھانے کی تمنّا ہے نہ پینے کی تمنّا
مرنے کی تمنّا ہے نہ جینے کی تمنّا
ہے مجھ کو محمدؐ کے پسینے کی تمنّا
دولت کی ہے حسرت نہ دفینے کی تمنّا

جس پر ہو لکھا نامِ محمدؐ خطِ گلزار
اکبرؔ ہے مجھے ایسے نگینے کی تمنّا

ہوا مقبولِ عشقِ مصطفےٰ امین درد و غم میرا
حروفِ اوّلِ قرآں کی صورت ہو الم میرا

مقدر جاگ اٹھے پاؤں گر یثرب میں سو جائیں
حریمِ خاص سے باہر نہ نکلے پھر قدم میرا

نکل کر کعبہ سے بت ہو گئے قابض مرے دل پر
خلیل اللہ کے گھر سے بنا بیت الصنم میرا

بجائے طٰہٰ قُم مُنہ سے جو نکلی آہ محشر میں
لوائے الحمد سے ہو دو قدم آگے علم میرا

نہ نکلا آتشِ غم سے بھی بل اپنی طبیعت کا
رہا مثلِ رسن جل کر بھی باقی پیچ و خم میرا

ابھی کلمہ کا سکّہ قلب پر بیٹھا نہ تھا پورا
کہ صرّافِ عرب نے لے لیا کھوٹا درم میرا

نظر پڑتی ہے مجھ پر دور سے اربابِ ہمّت کی
الٰہی ہو نہ شرمندہ مرے کاسے نعم میرا

نہ نکلا کعبہ سے ہر بار سنبھلا ٹھوکریں کھا کر
ہوا ہے سنگِ راہِ بتکدہ سنگِ حرم میرا

مری طبعِ رواں کو انس ہے نعتِ پیمبر سے
قلم جس وقت رکتا ہے خفا ہوتا ہے دم میرا

مدینہ کو چلا ہوں سر کے بل فرطِ ارادت سے
نشانِ سجدۂ تعظیم ہے نقشِ قدم میرا

نئے سر سے لکھوں ہر بار نعتِ سرورِ عالم
اگر سو بار ہو جرمِ ثنا میں سر قلم میرا

مرے اعمال کا بھانڈا نہ پھوٹا حشر کے دن بھی
تری رحمت کے صدقے رکھ لیا تو نے بھرم میرا

کہاں کا ذکر چھیڑا کس کا خاقان العجم یکتا
ابھی دیکھا نہیں ہے آپ نے زورِ قلم میرا

قلم توڑے ہیں حمد و نعت میں دُرِ مضامیں سے
قریبِ اعجاز کے پہنچا ہے اندازِ رقم میرا

طفیلِ سرورِ عالم ہوا سارا جہاں پیدا
زمین و آسماں پیدا مکیں پیدا مکاں پیدا

نہ ہوتا گر فروغِ نورِ پاکِ رحمتِ عالم
نہ ہوتی خلقتِ آدم نہ گلزارِ جناں پیدا

شہِ لولاک کے باعث حبیبِ پاک کے باعث
جنابِ حق تعالیٰ نے کیے کون و مکاں پیدا

ظہورِ ذاتِ اکرم سے فیوضِ خیر مقدم سے
نسیمِ بوستاں پیدا بہارِ گلستاں پیدا

رسول اللہ کی خاطر کیے جن و بشر حاضر
جمالِ حسن میں رعنا کمالِ خُلق میں یکتا

بنایا ماہ و انجم کو کیے بحر و براں پیدا
کوئی پیدا ہوا ایسا نہ ہو وےگا یہاں پیدا

اُنہیں کے واسطے آدم اُنہیں کے واسطے حوّا
اُنہیں کے واسطے **کافی** کیے سب انس و جاں پیدا

جس کے سر تاج ہو شفاعت کا
اب بُلا لیجئے مدینے میں
سبز باغ اور کو دکھا واعظ
ہو نہ ہو زادِ راہ چل حج کو
گلشنِ نعت کی ہوا جو لگی
کچھ مدینے کا فکر کر واعظ
آدمی کو ملک کریں سجدے
اسکے رہ رو بھٹک نہیں سکتے
ہاتھ میں ہو جو آپ کا دامن
جس کو چاہا بنا لیا اپنا
میری مٹی ہو ہند میں برباد
صاف ہو راہِ جدّہ و ینبوع
دشمنوں کے بھی حق میں کی ہے دعا

پوچھنا کیا ہے اس کی اُمت کا
غم کہاں تک اُٹھاؤں فرقت کا
مجھ کو سودا نہیں ہے جنت کا
کام ہے اس سفر میں ہمت کا
رنگ بدلا مری طبیعت کا
ختم کر اب بیان جنت کا
کیا تماشا ہے اسکی قدرت کا
صاف ہے رستہ شریعت کا
سر پہ سایہ ہو ابرِ رحمت کا
واہ کیا نقش تھا نبوت کا
یہ بھی ہے اک مقام حسرت کا
دور یارب ! ہو پھیر قسمت کا
خاتمہ ہو گیا مروت کا

اے حبیبِ خدا **حفیظ** کو ہے
آسرا آپ کی شفاعت کا

مانا کہ انبیا میں ہر اک انتخاب تھا
محبوبِ کبریا بھی کسی کا خطاب تھا؟

تھا آفتاب ذرہ ۔ وہ رُخ آفتاب تھا
ستّر ہزار پردوں میں بھی بے نقاب تھا

اب تو خدا کے فضل سے ۔ ہی غم کی چھاؤنی
دل اس سے پہلے اور زیادہ خراب تھا

حضرت نے جس مقام سے کی ہجرت آ گیا
کعبہ تھا یا مرا دلِ خانہ خراب تھا

میں کہہ سکا کسی سے نہ واقف ہوا کوئی
عشقِ نبی کا راز بھی گونگے کا خواب تھا

میرا جواب سُن کے نکیرین سُن ہوئے
سمجھے تو ہونگے ۔ ہاں کوئی حاضر جواب تھا

طفلی ہوئی تمام ۔ تو پیری گلے پڑی
کس روز ہم جوان تھے کس دن شباب تھا

میں غم کو اور غم مجھے بے صرفہ کھا گیا
دو دوستوں کے دل کا یہ گویا حساب تھا

پوچھے گئے گناہ تو نکلے وہ بیشمار
آیا جو اُن کو رحم تو وہ بے حساب تھا

احسان حشر تک بھی نہ بھولینگے موت کا
مولیٰ کے ہجر میں ہمیں جینا عذاب تھا

جبریل ۔ کون تھا شبِ اسریٰ وہ ساتھ تھے
تھامے ہوئے جو ختمِ رُسل کی رکاب تھا

نسبت نہیں مگر ہے سمجھنے کو اک مثال
گُل تھا اگر وہ رُخ تو پسینا گلاب تھا

قسمت کی بات ۔ آج بڑا ہوں میں اتنی دور
روضے میں کل کی بات ہے میں باریاب تھا

طفلی میں بھی پڑھا نہ خوشی کا کوئی سبق
میری بغل میں دل کوئی غم کی کتاب تھا

سیماب کو ملا ۔ دلِ بیتاب کو ملا
جو بانٹنے کو روزِ ازل اضطراب تھا

قسمت میں جس کی چین نہ ہو اُس کا کیا علاج
ہم کو تو روضے پر بھی یہی اضطراب تھا

حافظ تمام عمر رہی دل میں روشنی
عشقِ نبی کا داغ نہ تھا آفتاب تھا

زباں سے وصف ناممکن ہی احسانِ محمدؐ کا
زمانہ ہے مقرّ لطفِ فراوانِ محمدؐ کا

منوّر کیوں نہ ہو چہرہ غلامانِ محمدؐ کا
کہ جلوہ اُنکی پیشانی میں ہی شانِ محمدؐ کا

نہ برقِ طور کا ہوتا تحمّل قلبِ موسیٰ کو
اگر سایہ نہ ہوتا سر پہ دامانِ محمدؐ کا

نہیں شمس و قمر بالذّات روشن بامِ گردوں پر
یہ صدقہ ہے فقط رخسارِ تابانِ محمدؐ کا

خدایا فتنہ ہائے روزِ محشر سے بچا لینا
تصدّق قامتِ سروِ خرامانِ محمدؐ کا

خدا کا اور کچھ مقصد نہیں ہی روزِ محشر سے
مگر مدِّ نظر اظہار ہے شانِ محمدؐ کا

رسولانِ سلف سب تھے مبشّر ذات حضرت کے
خدا نے خود دیا تھا حکم اعلانِ محمدؐ کا

وُہ ہی اک چاندنی کا پھول جسکو چاند کہتے ہیں
گلِ سورج مکھی سورج ہی بستانِ محمدؐ کا

خدا کا حکم ہوگا برق کو جنّت میں جانے دو
صلہ ہے روضۂ رضواں ثناخوانِ محمدؐ کا

کیوں نظر سوز نہ ہو جلوۂ یکتا تیرا
ڈھل گیا برق کے سانچے میں تماشا تیرا

دونوں عالم میری فرصت پہ مٹے جاتے ہیں
مل گیا مجھ کو غمِ حوصلہ فرسا تیرا

جلوۂ فیضِ ابد بھی ہے گلِ جنّت ناز
خندۂ صبحِ ازل ہے چمن آرا تیرا

ہے تجلّی تری سرمایۂ نازِ بینش
مردمِ دیدۂ ہستی ہے سراپا تیرا

آج پھر قالبِ امّید میں جان آتی ہے
لبِ اعجاز پہ ہے وعدۂ فردا تیرا

ایمنِ قدس کو اک بزمِ چراغاں کر کے
جیبِ تنزیہ سے نکلا یدِ بیضا تیرا

مجھ کو طوفانِ قیامت سے بچانا ہو گا
لنگرِ کشتیِ امّت ہی سہارا تیرا

پھر درِ عرضِ تمنّا پہ وفا حاضر ہے
ہائے وہ کون وفا بندۂ رسوا تیرا

اوصاف میں وہ نورِ خدا جب یگانہ تھا
کیونکر کھُلے یہ راز کہ کیا تھا وہ کیا نہ تھا
لیکن یہ جامۂ بشریت بہانہ تھا
احمد تو کچھ رسول نہ تھا مصطفےٰ نہ تھا
تھا جلوۂ خدا جُدا اگر خدا نہ تھا

سب ماسوا کے پہلے بھی احمد کی ذات تھی
جب گردشِ فلک تھی نہ دن تھا نہ رات تھی
خلقت اُسی کی موجبِ کل کائنات تھی
یا یوں کہو کہ قدرتِ حق اُسکی ذات تھی
یا یہ کہو کہ قدرتِ حق کا نشانہ تھا

گر دیکھ لے وہ مصحفِ رُخ مُنہ کی کھائے خلق
جو کچھ سُنی سُنائی ہے سب بھول جائے خلق
دیکھے نہ جب تو خوب سی شہرت اُڑائے خلق
یوسف کا لاکھ چہرۂ روشن بنائے خلق
کالشمس کالنہار نہ تھا کالضحیٰ نہ تھا

تھے نیستی کے تحت میں جب سارے قافلے
اُسوقت بھی وہ جائے ہستی میں تھے چھپے
بتلاؤ اس سے آگے بھلا کیا پتا چلے
کب آئے کیسے آئے کہاں آئے کون تھے
اُس ذاتِ پاک کا تو کسی کو پتا نہ تھا

تھے ہاتھ میں نہ تیر نہ پیکاں لئے ہوئے
لشکر لئے ہوئے تھے نہ ساماں لئے ہوئے
ظاہر کوئی فریب نہ پنہاں لئے ہوئے
ہاں اک رسولِ پاک تھے قرآں لئے ہوئے
اور بالمقابل آپ کے سارا زمانہ تھا

علم و ادب کے سارے وہ اسباب یک بیک
آمد سے تیری ہو گئے نایاب یک بیک
کانوں میں تیرے جب پڑے آداب یک بیک
وہ دفترِ فصاحتِ اعراب یک بیک
اک خواب اک خیال تھا یا اک فسانہ تھا

جب دیکھ لی تھی رُوئے پُرانوار کی جھلک
لازم تھا کرتے قدموں پہ قرباں ہنر تلک
پھر دل میں منکروں کے رہی کون سی کھٹک
کس چیز نے حروف سے کھینچا سیوف تک

فَأْتُوا بِسُوْرَةٍ ہی پہ کیا فیصلہ نہ تھا

یکتائی پہ خدا کی قسم اُن کی مر مٹے
سایہ کو بھی یہ حکم کہ ساتھ اُنکا چھوڑ دے
سر تا قدم جو نور کے سانچے میں ہوں ڈھلے
ہمراہ اُن کے کوئی چلے بھی تو کیا چلے
جبریل جیل کے سدرہ ہی تک رہ گیا نہ تھا؟

صدہا کی عمر یوں تو گئی شاعری میں بیت
مثلِ خلیل تو بھی برتنے لگا یہ ریت
سیدھی روش چلا تو اُسی کی رہی ہے جیت
اے ورسِ نعت اور یہ سیدھی سی بات چیت
ہاں طبعِ شعر تھی تجھے فکرِ رسا نہ تھا

واہ کس شان سے محبوب ہمارا نکلا
دھوم ہے عرش پہ افلاک کا تارا نکلا

رات دن لاتے ہیں جبریل پیام و سلام
جس پہ ہم غش ہیں وہ اللہ کا پیارا نکلا

نزع میں جلوۂ محبوب الٰہی دیکھا
شکر ہے ایک تو ارمان ہمارا نکلا

بھر گئی آنکھوں میں اُس مُہرِ نبوّت کی چمک
جب چمک کر کوئی گردوں پہ ستارا نکلا

دامنِ شافعِ محشر جو نہ مجھے ہاتھ آیا
مغفرت کے لئے کیا خوب سہارا نکلا

گئے جبریل جو فردوس سے لینے کو براق
ناز کرتا ہوا وہ شوخ خود آرا نکلا

آپ پیدا جو ہوئے چرخ پہ انجم نے کہا
یہ نیا آمنہ کے گھر میں ستارا نکلا

ہوئیں یعقوب کی آنکھیں جو دوبارہ روشن
وہ بھی حضرت کا ہی در پردہ اشارا نکلا

شبِ معراج پھرے آپ تو یہ شور ہوا
ڈوب کر ابر میں پھر چاند ہمارا نکلا

مژدۂ بخشش کا لئے خلد سے حوریں آئیں
مرتے دم مُنہ سے جہاں نام تمہارا نکلا

اِک جہاں قلزمِ آفات میں ڈوبا تھا امیر
جس نے اخلاص سے حضرت کو پکارا نکلا

جہاں میں شکلِ احمد بنکے وُہ نورِ قدیم آیا
محبّت کا احد کے درمیاں جب فِ میم آیا

ہُوا ہم پر کرم اللہ کا جب وُہ کریم آیا
خدا کا رحم لایا ساتھ جس دن وُہ رحیم آیا

گئے فرشِ زمیں سے جب فلک پر مُردہ دل والے
قدمبوسی کی خاطر دوڑ کر عرشِ عظیم آیا

مسیحا آگیا مُردہ دلوں کے زندہ کرنیکو
کلامِ حق کے سمجھانے کی خاطر یہ حکیم آیا

عرب کے بے سمجھ لوگوں کے سمجھانیکو دنیا میں
عقیل آیا۔ فہیم آیا۔ علیم آیا حکیم آیا

ہراک موتی کی قیمت گھٹ گئی بازارِ عالم میں
مقابل اُنکے جب وُہ بے بہا دُرِّ یتیم آیا

حکومت کے لئے یہ حاکمِ فرمانروا ہم پر
رحیم آیا کریم آیا سلیم آیا حلیم آیا

ہوا زندہ جو پہنچا مُردہ دل دربارِ احمد پر
شفا پا کر گیا جو در پہ بیمار و سقیم آیا

گیا خالی نہیں شاہِ عرب کے دارِ دولت سے
گدا بنکر کوئی آیا مسافر یا مقیم آیا

مُعطّر شکلِ بلبل ہوگیا دل اور دماغ اسکا
بگلزارِ مدینہ جو کوئی مثلِ نسیم آیا

نہ پھیرا جائے گا محروم گر اخلاصِ باطن سے
شفیع المذنبیں کے در پہ یہ مضطرِ اثیم آیا

ترا رتبہ ہے یا احمدؐ! مقامِ اللہ اکبر کا
ترا رتبہ شناسی رتبہ ہے بیچونِ داور کا

وُہ طوبیٰ جس کا چرچا ہے ستوں ہے تیری مسجد کا
وُہ جنّت جس کی شہرت ہے نمونہ ہے ترے گھر کا

تمنّا ہے کہ اک اک بال کی سو سو بلائیں لوں
جو نقشہ ہاتھ آجائے تری زلفِ معنبر کا

تمنّا ہے کہ کانٹوں پر ترے صحرا کے جا لوٹوں
رگِ مجنوں کو پھر سودا ہوا ہے نوکِ نشتر کا

ہمیں رونے سے کیا نسبت مگر جب تیرا نام آوے
تو کچھ نقشہ بدل جاتا ہے اپنے دیدۂ تر کا

بُرا ہوں یا بھلا ہوں خیر جیسا ہوں تمہارا ہوں
طریقہ ہے کرینوں کا نباہنا اپنے چاکر کا

وُہ ضُعفِ ناتوانی ہے کہ مرغِ نیم بسمل بھی
یہ کہتا ہے چلو دیکھیں تماشا فیضِ مضطر کا

لوگ جانے لگے رب عرب کی طرف جوشِ سودا مرا سر اُٹھانے لگا
پھر ہوا باغ یثرب کی چلنے لگی پھر مرا داغ دِل گُل کھلانے لگا

خوفِ عصیاں سے دشوار تھی زندگی مر چکے تھے مگر جان پھر آگئی
جب مریضوں کو اپنے وہ پیارا نبی مژدہ لا تقنطوا کا سنانے لگا

یادِ چشمِ محمد ﷺ میں وِرد جزا جب میں آنکھوں سے آنسو بہاتا گیا
چشمِ رحمت میں ایسا سُبک مَیں ہوا آنکھ پر سر فرشتہ بٹھانے لگا

بکھریں چہرہ پہ جس وقت زُلفیں تری صاف واللیل سب کو نظر آگئی
ہوئی تفسیر والشمس والنور کی رُخ سے زلفوں کو جب تو ہٹانے لگا

یہ اُسی کا تو سودا ہے سر میں نہاں کوہ و صحرا میں جو اس قدر ہو دواں
در پہ احمد کے پہنچا کے اے آسماں میری محنت کو اِک دن ٹھکانے لگا

تا قیامت کرے رُخ نہ ہرگز اُدھر سامنے آئیں حور و پری بھی اگر
جو ہے شیدا تمہارے رُخِ پاک پر کب کسی کو وہ نظروں میں لانے لگا

ہوں حمید آپ کا رُخ دِکھاؤ مجھے دامِ غم میں پھنسا ہوں چھڑاؤ مجھے
یا محمد ﷺ! خدارا بچاؤ مجھے دردِ ہجراں مری جان کھانے لگا

جبکہ وہ ماہِ مدینہ جلوہ گر ہو جائیگا
لُطفِ خلّاقِ دو عالم بھی اُدھر ہو جائیگا
سرفرازانِ جہاں چومینگے اُسکے پاؤں کو
سر کے بل جاؤنگا میں سوئے مدینہ اے طبیب!
خواب میں دیکھا ہے میں نے عرشِ رب العالمین ع

گوشۂ مرقد مرا برجِ قمر ہو جائیگا
آپ کا جس سمت محشر میں گذر ہو جائیگا
آستانے پر ترے خم جس کا سر ہو جائیگا
بس اُسی سے کچھ علاجِ دردِ سر ہو جائیگا
آستانے پر نبی کے اب گذر ہو جائیگا

منزلِ مقصود تک پہنچائیگا سب کو یہی
نقشِ پا حضرت کا خضرِ راہ بر ہو جائیگا

دیکھ لونگا میں وہیں جا کر خدا کے نور کو
طور اے موسیٰ! نبی کا سنگِ در ہو جائیگا

قہر سے جب دیکھ لیگا تیر اشہبازِ نظر
نسرِ طائر طائرِ بے بال و پر ہو جائیگا

جب لبِ شیرینِ حضرت کی لکھوں گا کچھ ثنا
نقطہ نقطہ شعر کا تنگِ شکر ہو جائیگا

جس زمیں پر پاؤں بھی رکھدیگا وہ مہرِ عطا
فخر اس کے ذرّوں کو خورشید پر ہو جائیگا

یادِ صحرائے مدینہ آئیگا جب اے خلیل!
گلشنِ فردوس گلخن سے بتر ہو جائیگا

جو ہو موت بے زیارت تو ہو بالقضا ضنینا
نہ بُرا ہی موت مرنا نہ بُرا ہی زیست جینا

نہ ہو مال و زر کی خواہش نہ ہو مفلسی کی کاہش
مرے داغ ہیں خزانہ مرا سینہ ہے خزینا

انہیں بےحجاب دیکھیں جو ہوں بےحجابِ دل کے
نظر آئیں ہر جگہ وہ جو ہو آنکھ دل کی بینا

کہیں جلد آئیں یارب! سفرِ حجاز کے دن
مجھے ایک پل ہو اک دن مجھے ایک دن مہینا

تیری اک نگاہ پل میں جسے چاہے مست کر دے
نہ صراحیاں نہ ساغر نہ سبو نہ خم نہ مینا

مری بیخودی خدارا مجھے تو بتا دے اتنا
مرا سینا کس نے چھانا مرے دل کو کس نے چھینا

جو مکاں سے لامکاں تک گئے ایک دم میں سرور
یہ تھی شانِ ربِ اکبر نہ کمند تھی نہ زینا

کوئی سب حجاب اٹھا دے مجھے ہند میں دکھا دے
یہ نجف یہ کربلا ہے یہ ہے مکہ یہ مدینا

سرِ بزم دیدے ساقی! مجھے بھر کے وہ پیالا
نہ گناہ جس کا چکھنا نہ حرام جسکا پینا

یہ طریقِ عشق اور تم کرو توبہ حضرتِ دل!
ابھی سیکھئے سلیقا ابھی پوچھئے قرینا

یہ ہے التجائے حافظ یہ ہے مدعائے حافظ
جو مروں تو پاؤں جنت جو جیوں ملے مدینا

خواب میں زلف کو مکھڑے سے ہٹالے آجا
بے نقاب آج تو اے گیسوؤں والے آجا

بیکسی پر مرے خوں روتے ہیں چھالے آجا
راہ میں چھوڑ گئے قافلے والے آجا

کون ہر ماہِ عرب کون ہے محبوبِ خدا
اے دو عالم کے حسینوں سے نرالے آجا

دم تری دید کو آنکھوں میں لگا رکھا ہے
لے رہے ہیں ترے بیمار سنبھالے آجا

ہوں سیاہ کار مرے عیب کھلے جاتے ہیں
کملی والے مجھے کملی میں چھپالے آجا

دیکھتے ہیں تجھے پھر پھر کے ضعیفانِ صراط
ڈگمگاتے ہیں قدم کون سنبھالے آجا

وقف ہی تیرے لئے دولتِ کنزِ مخفی
کھل گئے ہفت سماوات کے تالے آجا

پہنچا محبوب تو مُشّاطۂ رحمت نے کہا
خلوتِ راز میں اے ناز کے پالے آجا

ہم نے خوش ہو کے تجھے ساری خدائی بخشی
اپنے بندوں کو کیا تیرے حوالے آجا

رنگِ وحدت ہے یہاں غنچۂ خلوت ہی یہاں
اے گلِ گلشنِ لولاک لما لے آجا

لامکاں اپنا مکاں عرش سمجھ فرش اپنا
تو ہمارا ترے ہم چاہنے والے آجا

صورتِ لالہ ہے پُر داغ بیاں کا سینہ
پڑ رہے ہیں ترے بیمار کے لالے آجا

وصف لکھتا ہوں نبی کے حسنِ عالمگیر کا
کیوں نہ شہروں شہروں شہرہ ہو مری تحریر کا

وصف لکھ کر نبی کے روئے پُر تنویر کا
میں مفسر ہو گیا والشمس کی تفسیر کا

روئے روشن کے تصور نے ترے اے رشکِ ماہ
مجھ کو عامل کر دیا ہے شمس کی تسخیر کا

جی اٹھیں مُردے جو سن کر یہ غزل تو کیا عجب
وصف ہے تحریر اس میں آپ کی تقریر کا

رحمۃ للعلمیں ہیں رحم ہی فرمائیں گے
سن لیا گو آہ و نالہ عاشقِ دلگیر کا

عمر گذری پھرتے پھرتے پہنچے یثرب تک نہ ہم
زور چل سکتا نہیں تقدیر سے تدبیر کا

گور میں بھی ہو الٰہی! گیسوئے حضرت کا عشق
طور کی مانند جل جانا بدل منظور ہے
تیغ ابروئے مبارک کا جہاں مدّاح ہے
تیری مدحت کے بدولت اب تو اے ممدوحِ حق

مر کے بھی سودا رہے سر میں اسی زنجیر کا
ایک دن جلوہ دکھا دو روئے پُر تنویر کا
جسکو دیکھو بھر رہا ہے دم اسی شمشیر کا
خلق میں ممدوح ہوں اِک اِک جوان و پیر کا

معرکہ میں حشر کے اے لطف کیا ہی لطف ہو
ہاتھ میں دامن مرے ہو حضرتِ شبّیر کا

اللہ رے حسنِ احمدِ عالی وقار کا
لکھ لکھ کے خطِ طغرا میں نامِ محمدی
اے منکر و نکیر! سوال و جواب کیا؟
کیا خاک باغِ خلد کی ہو آرزو ہمیں
غزوہ میں کم غذا تھی مگر تیرے خوان پر
نبیوں میں اس کی شان ہے کالبدرِ فی النجوم
لب پر علی علی ہے زباں پر ولی ولی

اُترا ہے نور عرش سے پروردگار کا
گوشہ ہر اک سجا دو ہمارے مزار کا
بردہ نبی کا بندہ ہوں پروردگار کا
خاکا ہے تیرے روضے کے نقش و نگار کا
پُر تھا شکم طعام سے ستّر ہزار کا
ختم الرسل خطاب ہے اُس نامدار کا
دل دل ہے عاشق اُس شہِ دلدل سوار کا

مذہب ہے صلحِ کل نہیں اکبر کسی سے رنج
قائل ہوں پنجتن کا مقر چار یار کا

وصف کوئی لکھیگا کیا اُن کا
نامِ صلِّ علیٰ ہے کیا اُن کا
جی میں ہے شوقِ جانفزا اُن کا

خود ثنا خواں ہے کبریا اُن کا
ذکر مقبولِ کبریا اُن کا
جاں میں ہے عشقِ خوش ادا اُن کا

سب سے افضل ہے شانِ پاک انکی
سب سے اعلیٰ ہے مرتبا اُن کا

جان و دل سے جو انکے شیدا ہوں
کیوں نہ مشتاق ہو خدا اُن کا

سب سے اوّل ہیں وہ دو عالم میں
سب سے پہلے ظہور تھا اُن کا

نور کی ہے ضیا دو عالم میں
وصف بدرُ الدّجیٰ ہوا اُن کا

بخشدیگا خدا خطا انکی
جو کوئی دے گا واسطا اُن کا

اک اشارے سے کردیئے دو چاند
ہے یہ ادنیٰ سا معجزا اُن کا

جنکے دل میں ہوائے احمدؐ ہے
قصرِ جنّت میں گھر بنا اُن کا

بس خدائی میں ہیں وہی یکتا
کوئی ہمسر نہیں ہوا اُن کا

اُن پہ پڑھتے ہیں جو درود و سلام
رحم فرما ہے کبریا اُن کا

چرخِ ہفتم پہ ایک پل میں گئے
تھا عجائب یہ معجزا اُن کا

لاکھ جاں صدقے دل کروڑ نثار
ایسا چہرہ ہے خوشنما اُن کا

خاک ہم اور وہ سراپا نور
ہم سے ہو وصف کب ادا اُن کا

ہے تمنّائے دل یہی یارب!
روضۂ پاک اب دکھا اُن کا

درد دِل کا ہوا معا کافور
نام جب مصطفیٰ لیا اُن کا

جو محمدؐ کا نام لیں ہر دم
کیوں نہ بر آئے مدّعا اُن کا

مُردہ بھی سونگھ لے تو جی اُٹھے
ہے پسینا وہ جانفزا اُن کا

شوقِ یثرب میں جانِ بسمل ہے
اے مقدّر وطن دکھا اُن کا

مضطرب ہے نسیمِ زار کمال
جلوہ دکھلائے اب خدا اُن کا

گئے دونوں جہاں جو نظر سے گذر تیری شان کا کوئی بشر ملا
تیری ہر جگہ دیکھی نرالی پھبن تیرا بھید کسی کو مگر نہ ملا
ترا چرچا جہاں کی زبانوں پہ ہے تیرا شور زمانے کے کانوں میں ہے
مگر آنکھوں سے دیکھا جو پردہ نشیں کہیں تو نہ ملا تیرا گھر نہ ملا
کوئی جلوہ طور سے غش میں گرا کوئی سدرہ پہ چلنے سے عاری ہوا
گئی عقل رسا تو خبر نہ رہی اُڑا طائر فکر تو پر نہ ملا
مرے ملنے سے ہوتا ہے چیں بجبیں ترے ملنے نہ ملنے کا شکوہ نہیں
جو گلا ہے تو حق سے یہی ہے گلا مجھے تیرا سا ہائے جگر نہ ملا
کوئی ملنے کا تیرے نشان بھی ہے کہیں رہنے کا تیرے مکان بھی ہے
تجھے دیکھا اِدھر تو اِدھر نہ ملا تجھے ڈھونڈھا اُدھر تو اُدھر ملا
میں خدا جانے کس پہ ہوا ہوں فدا مرے ہوش و حواس نہیں ہیں بجا
پرے ہٹ تو پری میرے پاس نہ آ چل دُور تو مجھ سے نظر نہ ملا
کہیں دست سوال دراز نہیں کسی اور پہ یوں مجھے ناز نہیں
کوئی تجھ سا غریب نواز نہیں ترے در کے سوا کوئی در نہ ملا
میں ہمیشہ اسیر الم ہی رہا مرے دل میں سدا تیرا غم ہی رہا
مرا نخل اُمید قلم ہی رہا میرے رونے کا ہائے ثمر نہ ملا
اسی فکر میں گذرے ہیں دن اکبرؔ! اسی غم میں گنے تارے شب بھر
کیا جس نے اشارے سے ٹکڑے قمر کبھی ہائے وہ رشک قمر نہ ملا

جب سے تیرا عشق دل میں کارگر ہونے لگا
تو ہی تو ہر رنگ میں مدِّ نظر ہونے لگا

ہر گھڑی ہر دم ترا رہنے لگا دل میں خیال
قصّۂ دردِ جدائی مختصر ہونے لگا

تھی ہر اک جانب صدائے کفر اک غو ہو
رونق افروزِ جہاں خیر البشر ہونے لگا

بزمِ امکاں صورتِ فانوس روشن ہو گئی
شمع ساں جب نورِ یزداں جلوہ گر ہونے لگا

جان کو دل کو ترے روضے پہ کر دونگا نثار
جا کے گر ہندوستاں کا پھر سفر ہونے لگا

آتشِ فرقت سے تیری یا حبیبِ ذوالجلال
دردِ دل سودا سے سر سوزِ جگر ہونے لگا

رہ نمائے منزلِ جاناں کہاں ہے لے خبر
ہائے ایسے بے خبر سے بے خبر ہونے لگا

کیا صفت اے قابِ عرشِ سبحاں ہو تری
اک اشارہ میں ترے شق القمر ہونے لگا

اکبرِ غافل اٹھو یہ خوابِ غفلت تا کجا
عمر کی شب ہو چکی وقتِ سحر ہونے لگا

کبھی رہتا تھا غم مجھ کو فلک کی کج ادائی کا
کبھی کرتا تھا شکوہ بختِ بد کی نارسائی کا

خدا کی شان اب محسود ہوں ساری خدائی کا
ارادہ پائے سرور پر ہے اے دل جبہ سائی کا

نرالا ڈھنگ ہاتھ آیا ہے قسمت آزمائی کا

مثالِ ماہیِ بے آب ہوں اتنا نہ ترساؤ
مدینہ کی زمیں بہرِ خدا آنکھوں کو دکھلاؤ

ترحّم حالِ زارِ عاشقِ مضطر پہ فرماؤ
چھڑا کر مجھ کو قیدِ ہند سے یثرب میں بلواؤ

سرِ شوریدہ ہے مشتاق از بس جبہ سائی کا

کوئی سمجھے گا کیونکر عاشق و معشوق کو دو دو
سمجھ میں آ گئے ہیں معنیِ توحید ہی اب تو

ہے کثرت تو پھر پیدا نہ کیونکر شانِ وحدت ہو
ترا سایہ نہ ہونے سے ہوا روشن یہ عالم کو

کہ نورِ مصطفےٰ تھا نورِ ذاتِ کبریائی کا

تجھی کو شافعِ عصیانِ اُمّت حق نے ٹھہرایا
تجھی کو آیۂ فیضانِ رحمت حق نے ٹھہرایا
تجھی کو واقفِ اسرارِ وحدت حق نے ٹھہرایا
تجھی کو صاحبِ مُہرِ نبوّت حق نے ٹھہرایا
ترے ہی سر پہ رکھا تاج آخر مُصطفائی کا

یہی تھی مصلحت تخلیقِ ابراہیم و آدم میں
کہ دیکھیں جلوۂ حق شانِ محبوبِ معظم میں
اُٹھیں تعظیم کو مصروف ہوں سب خیر مقدم میں
تمامی انبیا آتے نہ کیوں پہلے سے عالم میں
اُنہیں تھا حکم محبوبِ خدا کی پیشوائی کا

صفت سے ذاتِ مطلق میں تغیّر ہو نہیں سکتا
تبدّل کب عرض سے عینِ جوہر میں ہوا پیدا
ازل سے عاشق و معشوق کا یکساں ہے نقشا
احد میں میمِ احمدؐ کی تجلی سے نہ فرق آیا
کہ زیبِ لفظ ہی ہوتا ہے نُقطہ روشنائی کا

پھر اُٹھا ولولۂ یادِ مُغیلانِ عرب
پھر کھنچا دامنِ دل سُوئے بیابانِ عرب
دِل وُہی دِل ہے جو آنکھوں سے ہو حیرانِ عرب
آنکھیں وہ آنکھیں ہیں جو دِل سے ہوں قربانِ عرب
اب تو ہے گریۂ خوُں گوہرِ دامانِ عرب
جس میں زہرا کے تھے دو لال تھی وہ کانِ عرب
ہائے کس وقت لگی پھانس عرب کے دِل میں
کہ بہت دُور رہے خارِ مغیلانِ عرب
فصلِ گل لاکھ نہ ہو وصل کی رکھ آس ہزار
پُھولتے پھلتے ہیں بے فصل خیابانِ عرب
شادیِ حشر ہے صدقے میں چُھٹینگے قیدی
عرش پر دُھوم سے ہے دعوتِ مہمانِ عرب
حُسنِ یُوسف پہ کٹیں مصر میں انگشتِ زناں
سر کٹاتے ہیں ترے نام پہ مردانِ عرب
ہائے وُہ دل کہ جسے درد کا چسکا نہ ملا
ہائے وُہ درد نہ پُوچھے جسے درمانِ عرب
دِن نہیں مہر نہیں ماہ نہیں بدر نہیں
اَور ہی کچھ تُو ہے اَے نیّرِ تابانِ عرب
کرمِ نعت کے نزدیک تو کچھ دُور نہیں
کہ رضائے عجمی ہو سگِ حسّانِ عرب

یارب رسُولِ پاک کا دیدار ہو نصیب
خوابیدہ ہے کہیں مرا بیدار ہو نصیب

ہو سر بلند بخت فلک سے فزوں مرا
گر خاکِ پائے سیّدِ ابرار ہو نصیب

عشقِ رُخِ رسُول سے نکلے جو تن سے رُوح
لاریب اُس کو خلد کا گلزار ہو نصیب

چشمانِ دل کو نور جو خالق عطا کرے
بَدرُ الدّجیٰ کا دیکھنا رخسار ہو نصیب

ہر ایک دیندار کو مجھ کو بھی اے خُدا
حُبِّ جنابِ احمدِ مختار ہو نصیب

پائے رہائی بلبلِ دل دامِ غم سے جب
یثرب کا دیکھنا اسے گلزار ہو نصیب

بعد از فنا کے پہنچے مدینہ میں اپنی خاک
گر اے فلک مرا جو مددگار ہو نصیب

شغل ثنائے سرورِ کونین میں رہوں
جز اس کے اَور کام نہ زنہار ہو نصیب

یارب! گناہ گار ہوں جب روزِ حشر ہو
مجھ کو شفاعتِ شہِ ابرار ہو نصیب

دونوں جہاں کی مجھ کو سعادت حصُول ہو
گر رویتِ نبیؐ خوش اطوار ہو نصیب

ہر صُبح ہے خُدا سے **وفا** کی دُعا یہی
یارب رسُولِ پاک کا دیدار ہو نصیب

جب تلک تھا چہرۂ نورِ محمدؐ پر نقاب
تھا رُخِ جنّ و بشر شمس و قمر اندر نقاب

آفتابِ جلوۂ نورِ نبی ہم دیکھتے
گر نہ آتے درمیاں بختِ سیہ بنکر نقاب

روشنی دن کی نظر آتی نہ روزِ حشر تک
اپنے رُخ پر گر نہ رکھتا نیّرِ اکبر نقاب

اپنی آنکھوں میں اگر ہو روشنی آئے نظر
چہرۂ پُر نور پر تیرے نہیں بہتر نقاب

چھپ سکو گے کس طرح تم دیدۂ عُشّاق سے
لو گے رُوئے غیرتِ خورشید پر کیونکر نقاب

پہنچے تھے جس دم شبِ معراج تم بالائے عرش
لے لیا تھا شرم سے سُورج نے چہرہ پر نقاب

دَم میں دَم آئیگا اور کُھل جائینگی آنکھیں مری
گر اُٹھا دو چہرۂ جاں بخش سے دم بھر نقاب

ہم کو حاصل ہے مدینہ میں فضائے جنّت
احمدِ پاک کے کوچہ سے اگر دوں تشبیہ
آرزو ہے مجھے حضرت کی قدمبوسی کی
اُمّتی شافعِ محشر کا ہُوں کچھ دُور نہیں
گر مدینہ کے مکانوں کی بلندی دیکھے
دیکھ لے کُوچہ حضرت کو جو زاہد تو کہے
گر اُسے آپ کی اُتری ہُوئی پوشاک ملے
احمدِ پاک کے کُوچہ سے نہ ہوگی بہتر

شیخ و زاہد کو مبارک ہو ہوائے جنّت
مثلِ گل جامہ میں پھُولے نہ سمائے جنّت
جان کھوتا ہوں جو دِن رات برائے جنّت
حشر گہ میں مجھے لیجانے کو آئے جنّت
شرم کے مارے سروں پر نہ اُٹھائے جنّت
مُفت ضائع ہُوئی اوقات برائے جنّت
چاک رضواں کرے سو جا سے قبائے جنّت
واعظو! مجھ کو سُناؤ نہ ثنائے جنّت

لُطف صحرائے مدینہ میں نہ ہوتے گر دفن
گور میں آتی نہ ہر سُو سے ہوائے جنّت

ہجرِ شہ کو نہیں روتا تھا گہر رات
اُس رات پہ دِن سینکڑوں کر دیتا تصدق
دِن یادِ رُخِ غیرتِ خورشید میں گذرا
حیراں شبِ اسریٰ کی تجلّی سے مَلک تھے
یہ کالی بلا سر سے اُتر جائیگی میرے
مولا مجھے تاریکیٔ عصیاں سے خطر ہے

باران مسلسل تھے مرے دیدۂ تر رات
آتے جو مرے خواب میں وہ خیرِ بشر رات
کی گیسوئے شبرنگ کے سودے میں بسر رات
تھی رشکِ قمر رات کہ خورشید سحر رات
پھنس جائے تری زُلف کے پھندے میں اگر رات
ایسا نہ ہو ہو جائے قیامت کی سحر رات

اِس اکبرِ بے تاب کو فرقت میں نبی کی
دِن رات سے بدتر ہی تو ہے دِن سے بتر رات

لکھی لوحِ فلک پر ہے رسول اللہ کی صورت
کہیں ہے مہر کا نقشہ کہیں ہے ماہ کی صورت

کہیں یٰسین کہیں طٰہٰ کہیں وَالشَّمس ناطق ہے
بمدحِ حسنِ پیغمبر کلام اللہ کی صورت

وُہ حسنِ یوسفی نازل ہے قرآں جسکی مدحت میں
حقیقت میں وُہ صورت تھی نبی اللہ کی صورت

بچشمِ اہلِ حق رویت نبی کی رویتِ حق ہے
لقائے صورتِ حق ہے رسول اللہ کی صورت

نفی کو چھوڑ کر اثبات پر پہنچا ہیں پیغمبر
بہ لوحِ سینہ لکھدیں جس کے الا اللہ کی صورت

مقابل ہو بھلا کیا منہ ہے خورشیدِ درخشاں کا
نبی کے روبرو ہو کب ہے ایسی ماہ کی صورت

عطا جسکو ہو انوارِ محبت اسکو آتی ہے
نظر آئینہ دل سے حبیب اللہ کی صورت

بنا وُہ یوسفِ ثانی بحسنِ صورتِ معنی
محمدؐ کی دکھائی حق نے جسکو چاہ کی صورت

نہ ہوتے رہنما گر بر سرِ دنیا و دیں احمدؐ
کسی گمراہ کو آتی نظر کب راہ کی صورت

رسول اللہ کا دربار وُہ دربارِ عالی ہے
جہاں جا کر برابر ہے گدا اور شاہ کی صورت

کرے رعبِ نبی وقتِ تجلی زار رستم کو
بنا دے کوہ کو زورِ محمدؐ کاہ کی صورت

بیاں کس سے کروں میں یا نبی سوزِ دروں اپنا
کسی کو کس طرح دکھلاؤں اپنی آہ کی صورت

کرو اے خیر خواہِ خلق سرور پر کرم ایسا
نہ دیکھے آنکھ سے اپنے کسی بدخواہ کی صورت

چل مدینے وقت تو نے ہند میں کھویا بہت
رات اب تھوڑی ہے چونک اے بیخبر سویا بہت

روضہ اقدس جو آیا خواب میں مجھ کو نظر
مل کے آنکھیں چادرِ تربت سے میں رویا بہت

سب سے کہتا تھا یہی آکر مدینے میں اویس
کچھ مزہ ہو عشق کا انساں کو تھوڑا یا بہت

ہے وہی ابتک سیاہی شامتِ اعمال کی
آنسوؤں سے میری آنکھوں نے اسے دھویا بہت

غفلت اندک بھی ادھر سے آدمی کو موت ہے
ایک دم بھی تو جو سویا جان لے سویا بہت

ایک میں کیا کتنے تجھ کو ڈھونڈھ کر تھک تھک گئے
تو ہے محبوبِ دو عالم ہیں ترے جویا بہت

چرخِ نیلی فام کے کشتے تو لاکھوں ہیں مگر
زہر میرے حق میں اس کمبخت نے بویا بہت

دُور برسوں روضۂ پُرنور سے رکھا مجھے
وقت میرا اس نے ہندوستان میں کھویا بہت

جاگتے سوتے اُدھر کی لو رہے دل کو لگی
پھر نہیں پروا ہے تو جاگا جو کم سویا بہت

کچھ نہ حاصل مزرعِ امید سے مجھ کو ہوا
عمر بھر اس کھیت کو جوتا بہت بویا بہت

کم ہیں میرے شعر پر ہیں نعت میں اکثر امیر
یہ سبب ہے جو مجھے کہتے ہیں سب گویا بہت

اے خامۂ اعجاز رقم قصد ہے کیا آج
کس وادیِ ایمن کی طرف رُخ ہے ترا آج

ہر رشحہ ترا تاب میں ہے غیرتِ اختر
ہر نقطہ ترا نور میں ہے مہ سے سوا آج

ہر دائرہ خورشید سے بڑھ کر ہے درخشاں
ہر تیری کشش میں ہے شعاعوں کی ضیا آج

ہے کاہ کشاں سطر تو الفاظ ثریا
اک نور کی تصویر ہے تو نامِ خدا آج

منظور ہے کس مشرقِ انوار کی توصیف
ظاہر ہے تری چال سے اک صدق و صفا آج

پابندِ انامل تیری رفتار ہو کیونکر
اندازِ طپش میں ہیں ترے کچھ برق نما آج

مخمورِ مے وصفِ نبی ہو نہ کہیں تو
کہتی ہے یہ مجھ سے تیری مستانہ ادا آج

اس راہ میں ہاں رُوح قدس خضر ہے تیرا
جس درجہ تجھے ناز ہو بیشک ہے بجا آج

ممدوح جو تیرا ہے وہ پیارا ہے خدا کا
اس کا ہے سہارا تو سہارا ہے خدا کا

ہے کعبۂ ایماں رُخِ نیکوئے محمدؐ — محراب ہے طاقِ خمِ ابروئے محمدؐ
خورشید رسالت ہے اگر چہرۂ انور — تارِ خطِ خورشید ہے ہر موئے محمدؐ
تھے حضرتِ موسیٰ بھی سرِ طور تجلّی — پروانۂ شمعِ رُخِ نیکوئے محمدؐ
بیوجہ یہ کوکو نہیں قمری کی زباں پر — ہے شیفتۂ قامتِ دلجوئے محمدؐ
کچھ مصر کی حاجت نہیں یثرب کے سفر میں — کرتی ہے یہاں راہبری بوئے محمدؐ
قیصر سے سوا اسکے غلاموں کا ہے درجہ — سلطان ہے دریوزہ گرِ کوئے محمدؐ

جس درجہ کروں فخر عزیزؔ آج بجا ہے
مداحِ احمدؐ کا شرف مجھ کو ملا ہے

لکھ لکھ کے وصف شاہ سناؤں میں کسطرح — طوبیٰ کی شاخ خامہ کو لاؤں میں کسطرح
کس طرح ہاتھ آئے تو پاؤں میں کس طرح — چلنے کو سر کے پاؤں بناؤں میں کس طرح
آنکھوں میں بس گئیں ترے روضہ کی جالیاں — ان جالیوں پہ پلکیں سجاؤں میں کس طرح
مفلس ہوں صرف داغِ غمِ عشق دل میں ہے — یہ گل مزارِ شہ پہ چڑھاؤں میں کس طرح
ایمن میں کہہ رہی تھی تجلّی کلیم سے — گر جاؤ گے تمہیں نظر آؤں میں کس طرح
بچپن گیا شباب گیا پیری آگئی — جاتی ہے یہ بھی روٹھی مناؤں میں کسطرح
مولا کے داغِ عشق سے دل باغ باغ ہے — جامے میں اپنے پھولا سماؤں میں کسطرح

دیکھا جمال خواب میں اور آنکھ کھل گئی
پھر سو گیا نصیب جگاؤں میں کس طرح

بنکے بلبل ہم نے باغِ دہر ڈھونڈھا شاخ شاخ
اُن پہ پایا نام پیغمبر کا لکھا شاخ شاخ

پتے پتے پر پتا پایا نبی کے نور کا
جلوہ گر دیکھا رسولِ حق کا جلوہ شاخ شاخ

فیضیابِ رنگ و بوئے احمدی ہی سر بسر
پھول جو ہے گلشنِ دنیا میں پھولا شاخ شاخ

باغبانِ باغِ عالم کردیا حق نے جسے
اُس کا بلبل بوستانِ دیں میں بولا شاخ شاخ

پُر ثمر جس سے ہوا نخلِ مرادِ اہلِ دیں
باغِ اُمید جہاں لاتا ہے میوا شاخ شاخ

زیر سایہ آگیا جس کے زمین و آسماں
ایسا بُستانِ رسول اللہ پھیلا شاخ شاخ

ہمسری اس سرو سے کیونکر کرے چرخِ بلند
پھیل کر جس کی گئی تا عرش والا شاخ شاخ

نورِ حق کے ساتھ تھا نورِ محمدؐ جلوہ گر
جو شجر پر طور کے موسیٰ نے دیکھا شاخ شاخ

کیوں کرے خوفِ تبر زن اسکی اُمت کا درخت
باغبانِ لم یزل حافظ ہو جس کا شاخ شاخ

بابِ جنت کیوں نہ کھلیگا تیرے واسطے
خوب یہ مضموں ہی سرور تو نے باندھا شاخ شاخ

عطر بوئے مصطفےٰ ہر گل سے مہکا شاخ شاخ
پڑھ رہی ہیں بلبلیں احمدؐ کا کلمہ شاخ شاخ

پھوٹتی کلیاں ہیں پڑھکر قُل ھُوَ اللہُ اَحَد
بج رہا ہی باغ میں وحدت کا ڈنکا شاخ شاخ

بس گئی بوئے محمدؐ چار سو گلزار میں
نورِ احمدؐ غنچہ و گل بنکے پھوٹا شاخ شاخ

تھے ابوبکرؓ و عمرؓ عثمانؓ علیؓ بحرِ ہمم
جن سے جاری دینِ احمدؐ کا ہی دریا شاخ شاخ

چشمِ حق بیں ہی تو دیکھو بنگئی ہی باغ میں
نورِ ذکرِ پنجتن سے پنج شاخا شاخ شاخ

کیا نبی جی بھیجتو حق سرہٗ کا شور ہے
لیتی ہیں طوطی و قمری نام تیرا شاخ شاخ

جابجا شمشاد اُٹھے سرو قد تعظیم کو
ذکرِ میلادِ نبی کرتی ہے گویا شاخ شاخ

باغ میں ذکرِ جمالِ احمدی سے ہے نہال
خوشہ خوشہ غنچہ غنچہ پتا پتا شاخ شاخ

کیوں نہ ہو شادی سے ہر اک نخلِ گلشن باغ باغ
بس گیا ہر گل میں یثرب کا رنگیلا شاخ شاخ

تیرا قائل بوٹا بوٹا تجھ پہ مائل پھول پھول
تیرا عاشق پتا پتا تیری شیدا شاخ شاخ

تو بھی پڑھ اکبرؔ کہ ہے چاروں طرف اس باغ میں
غُل لکَ الحمد کثیراً طیباً کا شاخ شاخ

سیہ شدار بہ ہند فتادہ ام خبرش صبا من آورد
من و اہتزاز بشارتے کہ نسیم در قرن آورد!

کہ رساندش بہ مراد او بجز از مروت باغباں؟
چہ عجب کہ بلبلِ خستہ را بہ تصدق چمن آورد

ز تپیدنِ رگِ آرزو سخنِ امید شنیدہ ام
من و شوق وادئ غربتے کہ برونم از وطن آورد

سخنے بغیر حدیثِ او نزود بہ محفلِ اہلِ دل
ز حلاوتِ سخنش شبے چو سخنورے سخن آورد

شدہ خلوتم ہمہ انجمن ز ہجومِ شوق تصورش
سر و برگِ صحبتِ کس کجا کہ مرا بہ انجمن آورد

بہوائے مصرِ جمالِ او شدہ حالتِ دلِ من چناں
کہ چو بوئے پیرہنے رسد بدرم ز پیرہن آورد

نگری شکوہ تجملش بہ بساطِ بزم ستمکشاں
غمِ عشق و حشتِ خستہ را چو برائے سوختن آورد

مرحبا عرشِ نبوت کا دُلارا خورشید
وہ نبی - وہ شہِ کوثر - وہ ہمارا خورشید!

شاہِ اعجاز نما - سرورِ دیں - ماہِ عرب
چشمِ عالم نے نہ دیکھا کہیں ایسا خورشید

ہو سکے اس کی تجلّی کے برابر نہ کبھی
لاکھ چمکائے اگر اپنا ستارا خورشید

کر دیا خطۂ دیں جس نے منوّر ایسا
جیسے آفاق میں کرتا ہے اُجالا خورشید

بن گیا چرخِ چہارم پہ زمیں سے جا کر
آپ کے قامتِ پُر نور کا سایا خورشید

ٹل گیا معجزۂ شقِ قمر سے ایسا
ایک دن رات کو گردوں پہ نہ نکلا خورشید

چتر بردارِ شہِ یثرب و بطحا تھا مدام
پارۂ ابر سے کرتا رہا سایا خورشید

بنکے تارا ہوا پوشیدہ گنوئیں کی تہ میں
ہوگیا نورِ نبی سے تہ و بالا خورشید

تنِ اطہر سے تھا بیرنگِ شب و روز عیاں
گیسو واللیل تھے۔ اور چہرۂ زیبا خورشید

رات نے جس پہ نچھاور کئے ماہ و انجم
روز نے جس کے لئے صدقہ اتارا خورشید

ظلمتِ کفر نہ جاتی کبھی اس عالم سے
گر نہ گردونِ رسالت کا نکلتا خورشید

اس طرح عشقِ نبی ہو ہمیں پیارا طالب
جیسے جاڑوں میں غریبوں کو ہے پیارا خورشید

نشانے ست اعلیٰ ز شانِ محمدؐ
کلامِ خدا و زبانِ محمدؐ

وجودِ الٰہ ست ثابت ز جودش
نشانِ خدا ہست شانِ محمدؐ

خبر می دہد از کمالِ محبت
کلامِ خدا در زبانِ محمدؐ

بہ خاکِ درش سرنگوں کاخِ جنت
خجل آسماں ز آستانِ محمدؐ

بہ تاجِ رسولانِ پیشیں ست مانا
کُلہ گوشۂ پیروانِ محمدؐ

بروزِ ازل بست میثاقِ اُلفت
خداوندِ جاناں بجانِ محمدؐ

ذبیح ست و کُشش دواں دیدۂ حق
سرش موقفِ آستانِ محمدؐ

گیسوئے رخِ روشن سے سرک جائے محمدؐ!
کھلجائے گھٹا چاند نکل آئے محمدؐ!

خوشبو کی طرح سایہ کو دیکھا نہ کسی نے
پھولوں کی فضا ہے قدِ رعنائے محمدؐ

کرسی پہ بٹھایا انہیں محبوب بنایا
سب نبیوں میں ہیں خالق کو پسند آئے محمدؐ

اُس شخص کا مُنہ چومتے ہیں آکے فرشتے / جو وِرد کیا کرتا ہے اسمائے محمدؐ

جبریل یہ کہتے تھے ابھی چھوڑ کے سِدرہ / آجاؤں مدینے میں جو فرمائے محمدؐ

مَیں رویا دمِ نزع تو یُوں بولا تصوّر / چپ چپ رے قدم چوم لے وہ آئے محمدؐ

اُٹھیگا جو اس عاشقِ پُر درد کا لاشہ / ہر گام پہ آئے گی صدا ہائے محمدؐ

تم عِطر کی جا اپنے پسینے کو چھڑک دو / مدفن مرا خوشبو سے مہک جائے محمدؐ

آغوش میں حوروں کی ہے گہوارہ اکبر
یہ عاشقِ سُبحان ہے کہ شیدائے محمدؐ

ہے ذرہ وَالشّمس اگر روئے محمدؐ / وَاللّیل کی تفسیر ہُوئی موئے محمدؐ

جب رُوئے محمدؐ کی نظر آئی تجلّی / سمجھا میں شبِ قدر ہے گیسوئے محمدؐ

ہے سُرمۂ کوری ہیں نہاں دیدۂ بد بیں / جس دِن سے عیاں ہے رُخِ نیکوئے محمدؐ

ماہِ نوِ شوّال سے عاشق کو نہیں عید / جب تک کہ نظر آئے نہ ابروئے محمدؐ

کس طرح اُٹھائے ہُوئے ہیں بارِ دو عالم / ظاہر میں تو نازک ہیں یہ بازوئے محمدؐ

تھا بیش بہا حُسن کے بازار میں یوسف / پر ہو نہ سکا سنگِ ترازوئے محمدؐ

گلگشتِ گلستان میں پڑھو صلِّ علیٰ تم / ہر پھول کی بُو میں ہے رچی بوئے محمدؐ

کعبہ کی طرف مُنہ ہو نمازوں میں ہمارا / کعبہ کا شب و روز ہو مُنہ سوئے محمدؐ

ہر نخلِ بیابانِ عرب مجھ کو ہے طوبےٰ / ہُوں شیفتۂ قامتِ دلجوئے محمدؐ

رضواں کے لئے لیچلو سوغات شہیدی
گر ہاتھ لگے خار و خسِ کوئے محمدؐ

دکھلا دو مُنہ خدارا یا مصطفیٰ محمدؐ!
مُشتاق ہوں تمہارا یا مصطفیٰ محمدؐ!
صَلّوا علیٰ محمدؐ صَلّوا علیٰ محمدؐ
وَآلِہٖ وَسلّم صَلّوا علیٰ محمدؐ

بہرِ خدا ہماری اب کیجے ناخدائی
رنج و الم نے مارا یا مصطفیٰ محمدؐ!
صَلّوا علیٰ محمدؐ صَلّوا علیٰ محمدؐ
وَآلِہٖ وَسلّم صَلّوا علیٰ محمدؐ

رَوضہ پہ اپنے سر سے اکدم میں جاکے پہنچوں
کیجے اگر اشارا یا مصطفیٰ محمدؐ!
صَلّوا علیٰ محمدؐ صَلّوا علیٰ محمدؐ
وَآلِہٖ وَسلّم صَلّوا علیٰ محمدؐ

ملکِ عرب میں مجھ کو اب ہند سے بُلالو
دُوری نہیں گوارا یا مصطفیٰ محمدؐ!
صَلّوا علیٰ محمدؐ صَلّوا علیٰ محمدؐ
وَآلِہٖ وَسلّم صَلّوا علیٰ محمدؐ

طُوفانِ بحرِ غم میں کشتی پھنسی ہماری
کیجے مدد خدارا یا مصطفیٰ محمدؐ!
صَلّوا علیٰ محمدؐ صَلّوا علیٰ محمدؐ
وَآلِہٖ وَسلّم صَلّوا علیٰ محمدؐ

ہم عاصیوں کو حق سے محشر میں بخشوانا
ہے آسرا تمہارا یا مصطفیٰ محمدؐ!
صَلّوا علیٰ محمدؐ صَلّوا علیٰ محمدؐ
وَآلِہٖ وَسلّم صَلّوا علیٰ محمدؐ

احمدؔ کو آستاں پر بہرِ خدا بُلالو
مداح ہے تمہارا یا مصطفیٰ محمدؐ!
صَلّوا علیٰ محمدؐ صَلّوا علیٰ محمدؐ
وَآلِہٖ وَسلّم صَلّوا علیٰ محمدؐ

ہر وقت دل کو رہتی ہے خیر البشر کی یاد
منزل ہے سخت کیوں نہ ہو زادِ سفر کی یاد

رکھتا ہے کب وہ دل میں تری چشمِ تر کی یاد
آنسو گرا تو آگئی آب گہر کی یاد

دریا سے آنسوؤں کے ہو ٹھنڈک اُسے انہیں
رو دیتا ہوں جو آتی ہے نارِ سقر کی یاد

تبدیل نور سے ہوئی تاریکی لحد
آئی جو گور میں مجھے رشکِ قمر کی یاد

مسجد میں شیخ کو ہے خدا کی پڑی ہوئی
مجھ کو یہاں ہے ایک برہمن پسر کی یاد

سیماب وار تا بہ سحر مضطرب رہا
سونے میں شب جو آئی مجھے سیمبر کی یاد

ہے مست کیا متیں مۓ عشقِ رسُول سے
یار کی خبر نہیں ہے نہ اس کو ہے سر کی یاد

تھے جنّ و شیاطین سُلیماں کے مسخّر
تھا اُن کی انگوٹھی پہ لکھا نامِ محمدؐ

آئی یہ ندا - اب ہوئی کامل تری کشتی!
جب نوُح نے کشتی پہ لکھا نامِ محمدؐ

حرفوں میں محمدؐ کے اشارات تو دیکھو!
کیا سرِّ نہاں سے ہے بھرا نامِ محمدؐ

ہے میم میں محبُوبیٔ مطلق کا اشارا
پھر کیوں نہ ہو محبُوبِ خدا نامِ محمدؐ

حَ میں ہے حیاتِ ابدی جاں بلبوں کی
عُشّاق کا ہے رُوح فزا نامِ محمدؐ

معجونِ مفرّح ہوئی وہ میم مکرّر
اور دال سے ہے دِل کی دوا نامِ محمدؐ

اِس نام کی لذّت دلِ عُشاق سے پُوچھو
جان آگئی تن میں جو لیا نامِ محمدؐ

وِردِ اپنا ہمیشہ یہی دو نام ہیں بیدل
یا نامِ خدا لب پہ ہے یا نامِ محمدؐ

محبُوب ہے کیا صلِّ علےٰ نامِ محمدؐ
آنکھوں کی جِلا دل کی ضیا نامِ محمدؐ

اللہ رے رفعت کہ سرِ عرش خُدا نے
ہے نام کے ساتھ اپنے لکھا نامِ محمدؐ

جب لوح پہ توحیدِ خُدا لکھی قلم نے
مرقوم رسالت سے کیا نامِ محمدؐ

تکبیر میں کلمہ میں نمازوں میں اذاں میں
ہے نامِ الٰہی سے مِلا نامِ محمدؐ

ہر قبّہ و ہر خیمہ و ہر قصرِ جناں میں
مرقوم تجمّل سے ہوا نامِ محمدؐ

فرماتے ہیں آدم کہ مجھے خُلدِ بریں میں
لکھا ہوا طوبیٰ پہ مِلا نامِ محمدؐ

معراجِ فلک ہے قدِ زیبائے محمدؐ
ہے عرش تہِ بامِ بالائے محمدؐ

تا عرش کئی بار گئے آئے محمدؐ
بیکل رہے اُمّت کے لئے ہائے محمدؐ

اُمّت کے ہر اک عیب پہ ڈالے ہوئے آنچل
نکلے ہے سرِ حشر تمنّائے محمدؐ

تھے ہفت فلک دیدۂ مشتاق کے پردے
ہر پردہ میں بے پردہ گئے آئے محمدؐ

بازارِ شفاعت میں خریدار خدا ہے
سر پر لئے پھرتا ہوں میں سودائے محمدؐ

اللہ رے زینت تری اے عرشِ معلّیٰ
جھومے ہے ترا نقشِ کفِ پائے محمدؐ

جب پیش ہوئی اُمّتِ عاصی کی خلاصی
ارشادِ الٰہی ہوا جو رائے محمدؐ

کھینچے لئے جاتا ہے مدینہ کی طرف کون
آباد ہے دل میں کوئی شیدائے محمدؐ

اللہ غنی رتبۂ والائے محمدؐ
ہیں شمس و قمر نقشِ کفِ پائے محمدؐ

دیکھی جو ادائے قدِ زیبائے محمدؐ
بے ساختہ حوروں نے کہا ہائے محمدؐ

تھی نور کے قالب میں ڈھلی رحمتِ سبحاں
اچھی نہ ہو کیوں صورتِ زیبائے محمدؐ

آنکھوں میں تصوّر دلِ شیدا میں محبت
لب پر ہے فغاں سر میں ہے سودائے محمدؐ

تھا کورِ یہودی مگر آنکھیں ہوئیں بینا
جب اُن میں لگی خاکِ کفِ پائے محمدؐ

تھی خواب میں اُس غیرتِ یوسف کی تجلّی
جب آنکھ کھلی چیخ اٹھا ہائے محمدؐ

دامن میں چھپا لے مجھے دامن میں چھپا لے
پردہ مرے عیبوں کا نہ کھلجائے محمدؐ

ہے جوش پہ دریائے گنہ ڈوب نہ جاؤں
کشتی کو مری پار لگا جائے محمدؐ

تھوڑی سی زمیں طیبہ میں اکبر کو دو واللہ
قدموں میں محمدؐ کے ہو شیدائے محمدؐ

نہ ہو کیونکر فضل ہمارا محمدؐ
کہ ہے اپنے پیارے کا پیارا محمدؐ

الٰہی یہ محشر میں ہم کہتے جائیں
کہاں ہے کہاں ہے ہمارا محمدؐ

وہاں کشتیٔ نوح بھی ڈوب جاتی
نہ دیتے جو اس کو سہارا محمدؐ

ابھی فرش سے عرش مل جائے جھک کر
کریں گر طلب کا اشارا محمدؐ

یہی بات عاشق نے معشوق سے کی
نہیں ہم کو فرقت گوارا محمدؐ

کہینگے یہی اس شہِ انبیا سے
وہاں ہوں گے جب آشکارا محمدؐ

شفیع الامم روز محشر تمہیں ہو
ہمیں ہے تمہارا سہارا محمدؐ

صدا خیر مقدم کی کعبہ سے آئی
حرم سے جب آئے دوبارا محمدؐ

بلالو مدینہ میں پھر وداع کو تم!
نہیں ہند میں اب گذارا محمدؐ!

یوں تو کر چھوڑا ہے لاکھوں سے فلیتا تعویذ
نام احمد سے بنایا کوئی اچھا تعویذ

مرتے دم نام محمد کا زباں سے نکلے
ایسا عامل! ہے مجھے کر دے کوئی گنڈا تعویذ

دیکھنا ہولِ قیامت سے اگر دل دھڑکا
چاٹینگے مرقدِ حضرت کا مسیحا تعویذ

سر رگڑنے سے ہوا کرتے ہیں بیمار اچھے
واقعی آپ کا ہے نقشِ کفِ پا تعویذ

نقش ہے نام محمد کا ہمارے دل پہ
اس اثر کا کبھی عامل! کوئی دیکھا تعویذ

نگاہ عاشق کی دیکھ لیتی ہے پردہ میم کو اٹھا کر
وہ بزمِ یثرب میں آکے بیٹھیں ہزار منہ کو چھپا چھپا کر

جو تیرے کوچہ کے ساکنوں کا فضائے جنت میں دل نہ بہلا
تسلیاں دے رہی ہیں حوریں خوشامدوں سے منا منا کر

بہارِ جنت کو کھینچتا تھا ہمیں مدینہ سے آج رضواں
ہزار مشکل سے اس کو ٹالا بڑے بہانے بنا بنا کر

لحد میں سوتے ہیں تیرے شیدا تو حورِ جنت کو ہمیں کیا ہے
کہ شورِ محشر کو بھیجتی ہے خبر نہیں کیا سکھا سکھا کر

تری جدائی میں خاک ہونا اثر دکھاتا ہے کیمیا کا
دیارِ یثرب میں آہی پہنچے صبا کی موجوں میں مل ملا کر

شہیدِ عشقِ نبی کے مرنے میں بانکپن بھی ہیں سو طرح کے
اجل بھی کہتی ہے زندہ باشی ہمارے مرنے پہ زہر کھا کر

رکی ہوئی کام آہی جاتی ہے جنسِ عصیاں عجیب شئی ہے
کوئی اسے پوچھتا پھرے ہے درِ شفاعت دکھا دکھا کر

ترے ثنا گو عروسِ رحمت سے چھیڑ کرتے ہیں روزِ محشر
کہ اس کو پیچھے لگا لیا ہے گناہ اپنے دکھا دکھا کر

کرے کوئی کیا کہ تاڑ لیتی ہے لاکھ پردوں میں بھی شفاعت
رکھے تھے ہم نے گناہ اپنے ترے غضب سے چھپا چھپا کر

بتائے دیتے ہیں اے صبا ہم یہ گلستانِ عرب کی بو ہے
مگر نہ اب ہاتھ لا ادھر کو وہیں سے لائی ہے تو اڑا کر

تری جدائی میں مرنے والے فنا کے تیروں سے بےخطر ہیں
اجل کی ہم نے ہنسی اڑائی اسے بھی مارا تھکا تھکا کر

ہنسی بھی کچھ کچھ نکل رہی تھی مجھے بھی محشر میں تاکتی ہے
کہیں شفاعت نہ لے گئی ہو مری کتابِ عمل اُٹھاکر

اُڑا کے لائی ہے اے صبا تو جو بُوئے زلفِ معنبریں کی
ہمیں سے اچھی نہیں یہ باتیں خدا کی راہ میں بھی کچھ دیا کر

یہ پردہ داری تو پردہ در ہے مگر شفاعت کا آسرا ہے
دبک کے محشر میں بیٹھ جاتا ہُوں دامنِ تر میں مُنہ چھپاکر

شہیدِ عشقِ نبی ہُوں میری لحد پہ شمعِ قمر جلیگی
اُٹھا کے لائینگے خود فرشتے چراغِ خورشید سے جلاکر

جسے محبت کا درد کہتے ہیں مایہ زندگی ہے مجھ کو
یہ درد وُہ ہے کہ مَیں نے رکھا ہے دِل میں اسکو چھپا چھپاکر

خیالِ راہِ عدم سے **اقبال** تیرے در پہ ہوا ہے حاضر
بغل میں زادِ عمل نہیں ہے صِلہ میری نعت کا عطا کر

یا محمد نام تیرا بر زباں ہے بار بار
بار بار اپنے وطن سے جائیں یثرب کیطرف

کوئی بھی ثانی نہ پایا سرزمیں پر آپ کا
دِل میں رہتا ہے مرے تیرا تصوّر یا نبی!

آپ نے ہر بار بخشا اُس کو گنجِ معرفت
ہے تری تعریف ہر سُورۃ سے ظاہر یا نبی!

سرورا! چل سُوئے یثرب یہ غنیمت وقت ہی

بس یہی ہے وِرد اپنا اور وظیفہ بار بار
یا الٰہی دیکھیں ھم حضرت کا روضہ بار بار

یا نبی سارا زمانہ ہم نے ڈھونڈھا بار بار
روبرو آنکھوں کے پھرتا ہے وُہ نقشا بار بار

جا کے دروازے پہ جب سائل پکارا بار بار
حق نے قرآں میں لکھا ہے وصف تیرا بار بار

کیونکہ دُنیا میں نہیں ہے تجھ کو آنا بار بار

دکھا رہی ہے ۔ دعائے خلیل اثر اپنا
ہیں جلوہ ریز نوید مسیح کے انوار

جناب آمنہ کے پہلوئے مبارک سے
ہوا ہے رحمتِ پروردگار کا اظہار

حضورِ سرورِ کون و مکاں ہوئے پیدا
پیمبری کے گلستاں میں آئی فصلِ بہار

جہان و اہلِ جہاں کی پلٹ گئی کایا
مٹائی مہرِ درخشاں نے ظلمتِ شبِ تار

بڑھی سیادتِ ایماں گھٹی ضلالتِ کفر
چھٹی سیاہیِ باطل پھٹا بدی کا غبار

کرشمہ سنج ہوا ساقیِ عرب ایسا
کہ شرق و غرب مئے حق سے ہو گئے سرشار

جنابِ ختمِ رسل پر ہزار بار درود
ہے جن سے عالمِ امکاں کی گرمیِ بازار

بھروسا ہے مجھے بخشش کا حضرت کی شفاعت پر
نہ توبہ پر نہ تقویٰ پر نہ محنت پر طاعت پر

ہوا ہے جب سے دل مائلِ گلِ رخسارِ حضرت پر
شرف رکھتا ہے ہر داغِ جگر گلہائے جنت پر

کریگی رشک کیا کیا امتِ سابق اس امت پر
کھلینگے جب لبِ جاں بخش حضرت کے شفاعت پر

حصولِ مقصدِ کونین عشقِ ذاتِ عالی ہے
محبت کو محبت کیوں نہ ہو انکی محبت پر

جگر ہے اُنکی یادِ مصحفِ عارض میں سی پارہ
نزولِ آیۂ رحمت ہے جنکی پاک صورت پر

بھرینگے گوہرِ مقصود کیا کیا جیبِ داماں میں
وہ دریائے کرم دم بھر کو گر آیا سخاوت پر

تعلق کچھ نہیں دنیا میں جز عشقِ نبی مجھ کو
پھنسیں آزاد دامِ رشک میں میری فراغت پر

اُڑا کر لیگیا اقبالِ عالی آپ کو اُس جا
جہاں پر چھوڑ دیں روح الامیں کے تاب طاقت پر

نبی کے ہجر کا غم عیش و عشرت سے زیادہ ہے
ہزاروں وصل یاں قرباں ہیں اک ساعت کی فرقت پر

تجھے کیونکر نہ عاصی مالکِ خلدِ بریں سمجھیں
ترا نامِ مبارک ہے رقم دروازۂ جنت پر

نہیں ملتی ہے مجھے یادِ نبی سے ایکدم مہلت
نمازِ پنجگانہ شیخ ہے موقوف فرصت پر

اسے جنت کو لیجائے گا وہ نارِ جہنم سے
گواہی جس نے دی اک بار بھی اسکی رسالت پر

مدینہ کی گدائی بادشاہی سے زیادہ ہے
چلو اے **لطف** یاں سے خاک ڈالو اس ہدایت پر

الٰہی! دِل میں عشقِ احمدِ مختار پیدا کر
مزا کیا ہجرِ احمد میں یونہی فریاد و شیون سے
تجھی کو ٹکڑے ٹکڑے کرکے کھا جائیگا یہ ایدل
مسیحا میں مریضِ ہجرِ احمد ہوں نہ ہوں اچھا
نہیں پہنچیگا تو تو دشتِ یثرب میں اے مرغِ دل
مدینہ کی طرف پہنچوں قدم ہیں ضعف سے لرزاں
بچوں گا کس طرح گر اس کی گرمی نے جگر پھونکا
وہ کیا صورت ہے جنت کو بچاؤں کوئے احمد سے

مدینہ جا کے اچھا ہو جو وہ آزار پیدا کر
اثر کچھ آہ میں پہلے دلِ ناچار پیدا کر
غمِ ہجرِ نبی سے دیکھ مت تکرار پیدا کر
تو اپنے واسطے اور ہی کوئی بیمار پیدا کر
پرِ پرواز پہلے طائرِ تیار پیدا کر
مرے پاؤں میں یارب طاقتِ رفتار پیدا کر
جلن دِل میں نہ اتنی آہِ آتشبار پیدا کر
کسی صورت سے اے دِل صورتِ تکرار پیدا کر

کہے چپکے سے میرا حالِ دل جا کر جو حضرت سے
کوئی **ممتاز** ایسا محرمِ اسرار پیدا کر

زباں ہے جب تک دہن میں گویا تو نعتِ خیر الوریٰ بیاں کر!
سرِ تمنا جھکا کے اے دِل سجودِ محرابِ آستاں کر!
بسر ہوں جینے کے دن اسی جا اجل نہ آئے ہمیں کسی جا
ہمارے لاشے کو دفن یارب زمینِ یثرب کے درمیاں کر
ہوں عاشقِ زارِ شاہِ دیں کا نکال جنت سے تو نہ باہر

چھوڑا نہ مجھ سے زمینِ بطحا ستم نہ مجھ پر یہ آسماں کر
ہو تیرے فیضِ کرم سے حضرت شگفتہ گلزارِ جانِ پُرغم
مرے بھی اس نخلِ آرزو کو نہالِ گلزارِ بےخزاں کر
رکھا قدم جس زمیں پہ تو نے بنا دیا اُس کو عرشِ اعلیٰ
مرے بھی دل کے مکاں میں آ کر اس اُجڑے گھر کو بھی لامکاں کر
محبتِ آلِ پاکِ سرور دکھائے گی سیرِ باغِ جنت
جو دسترس ہو تو ہاتھ اپنے کلیدِ قفلِ درِ جناں کر
بُلائے جلدی مجھے مدینے یہ غم نہیں دیگا مجھ کو جینے
اجل کے آنے کے ہیں قرینے خراب مٹی مری نہ یاں کر
چلے مدینے کو قافلہ جب تو ہم بھی ہوں اسکے پیچھے پیچھے
غبارِ جسمِ نحیف کو بھی الٰہی تو گردِ کارواں کر
نہیں ہے شہرت کی کچھ تمنا جو آرزو ہے تو بس یہی ہے
بروزِ محشر مجھے الٰہی حبیب کا اپنے مدح خواں کر

کر چکا کونینِ حق جس حسنِ یکتا پر نثار — کیوں نہ پھر مخلوق ہو اُس روئے زیبا پر نثار
خالِ رخسارِ نبی کی یاد میں ہر روز و شب — داغِ دل داغِ جگر داغِ سویدا پر نثار
طالبِ دیدارِ حضرت یاس سے مایوس ہے — نا اُمیدی کیوں نہ ہو دل کی تمنا پر نثار
گیسوئے مشکینِ احمد پر فدا ہے مشکِ خلد — عنبرِ فردوس ہے زلفِ چلیپا پر نثار
رنگِ گلزارِ مدینہ کس قدر شاداب ہے — خُلد ہے اُنکی فضائے راحت افزا پر نثار
وادیٔ یثرب میں کیا پہنچا دیا جلدی مجھے — ہوں دلِ بیتاب کے ہیں جوشِ سودا پر نثار

دشتِ یثرب میں پر پروازِ پرواز کو کھوئے گر
دیکھ کر شانِ محمد ﷺ کو شبِ معراج میں
کیف افزا ہے ادائے چشمِ مخمورِ حضور
کیا خرامِ ناز تھا صلِ علیٰ معراج میں

شہپرِ روح الامیں ہو بالِ عنقا پر نثار
ہوتے تھے حور و ملک حسنِ سراپا پر نثار
کیوں نہ ہو مستِ الست اُس جامِ صہبا پر نثار
ہوتے تھے مشتاق سب نقشِ کفِ پا پر نثار

حسرتِ دل ہے کہ روزِ حشر میں ہو یا خدا
قاسمِ خستہ نبی کے قدِّ رعنا پر نثار

صبا مدینہ میں گر تو جائے تو پہلے سجدہ بہ آستاں کر!
کہیں جو فرصت بیاں کی پائے تو میری حالت کو تو بیاں کر!
برائے تسلیم سر جھکا لے دو دست وقتِ دُعا اُٹھا لے
مرے لبوں کو تو لب بنا لے زباں کو اپنی مری زباں کر!
جھکا کے سر کو پکڑ کے زانو بہا کے درد و الم کے آنسو
ہزار عجز و نیاز سے تُو بیاں مرے دل کی داستاں کر!
بزاری دامن دراز کر کے بہت سا عجز و نیاز کر کے
عیاں محبت کا راز کر کے سرشکِ حسرت کو تو رواں کر!
کہو کہ اے سرورِ دو عالم خُدا کے محبُوب شاہِ اکرم
مَیں ہُوں گرفتارِ محنت و غم چھوڑا کے اس غم سے شادماں کر!
مجھے مدینہ میں تم بلا لو جگر سے بارِ الم اُٹھا لو!
غموں کے پنجے سے تم چھڑا لو نہ رکھو فرقت میں نیم جاں کر
تمہارے روضہ پہ گر مَیں جاؤں دوبارہ حق سے حیات پاؤں

جو دل کی حالت ہے ۔ سب سناوں تمہارے آگے فغاں کرا
تری جدائی میں میرے مولا بہت ہی ابتر ہے حال اپنا
سدا بہاتا ہوں سیل دریا دو آنکھیں اپنی گہر فشاں کرا
عرب کے حضرت ہو آپ والی عجم کے بستاں کے تم ہو مالی
تمہارے در سے گیا نہ خالی جو آیا سائل ہو آستاں پر
خدا کا بندہ ہے گر تو سرورا نہ رکھ محبت کسی کی دل پر
مدینہ جا کر بحال مضطر فدا محمدؐ پہ اپنی جاں کرا

مانتے حضرت ہیں سرور کی تمنا بار بار
عرض کر لیتے ہیں بندہ کی پذیرا بار بار
ملتا ہے امت کو اس دربار گوہر بار سے
ہر گھڑی ہر وقت دولت کا خزانہ بار بار
جب تلک جاری رہے لکھنے میں کلک دو زباں
لوح دل پہ نام احمدؐ ہم نے لکھا بار بار
بار بار اپنے وطن سے جائیں یثرب کی طرف
یا الٰہی دیکھیں ہم حضرت کا روضہ بار بار
کوئی بھی رہتا نہیں محروم انکے لطف سے
سب پہ کرتے ہیں کرم وہ میرے مولا بار بار
بار بار اپنی چمک دکھلائی برق آہ نے
فرقت احمدؐ میں ابر چشم برسا بار بار
جب ہوا ہیں زیر بار محنت درد و الم
بار حضرت نے مرے سر سے اتارا بار بار
از رہ تاکید امت کو رسول اللہ نے
آیا جو حکم خداوندی سنایا بار بار

ایک باری بھی نہ پہنچا منزل مقصود تک
لشکر کفار گو مکہ سے آیا بار بار

دل ہوا بے چین روئے مصطفےٰ کو دیکھ کر / نور آنکھوں میں ہوا نورِ خدا کو دیکھ کر

گر پڑے تھے طورِ سینا پر جو موسیٰ کھا کے غش / پردۂ قدرت میں نورِ مصطفےٰ کو دیکھ کر

کونسی خوبی ہے جو تجھ میں نہیں محبوبِ حق / بت مسلماں ہو گئے تیری ادا کو دیکھ کر

جب ہوا تو باعثِ ایجادِ عالم مصطفےٰ / کیوں نہ چومے عرشِ اعظم تیرے پا کو دیکھ کر

کردے پروانہ مجھے اس شمع رو کا اے خدا / تو ہوا عاشق ہے جس بدرالدجیٰ کو دیکھ کر

جھک گئے قدسی پئے سجدہ شبِ معراج میں / اس رخِ انورِ حبیبِ کبریا کو دیکھ کر

لوحِ دل پر ہے مرے منقوش نامِ مصطفےٰ / دیتے ہیں تعظیم قدسی مجھ گدا کو دیکھ کر

جب رہے قائم نہ دیر و چرخ محبوبِ خدا / کیوں نہ روئیں مومنیں اس آسیا کو دیکھ کر

کفر باطل ہو گیا اسلام جب ظاہر ہوا / راہِ حق پر آ گئے اس رہنما کو دیکھ کر

راہ سیدھی ہے جہاں کی جس طرف حضرت گئے
اے متیں چل تو بھی اب اس نقشِ پا کو دیکھ کر

کیوں نہ غش کھاؤں جمالِ مصطفےٰ کو دیکھ کر / وہ شبِ معراج میں آئے خدا کو دیکھ کر

جو کہ ایماں لائے ہیں یا مصطفےٰ کو دیکھ کر / حشر میں خوش ہوں گے دیدارِ خدا کو دیکھ کر

لائے سب ایماں رسولِ کبریا کو دیکھ کر / کفر باطل ہو گیا اس حق نما کو دیکھ کر

مظہرِ ذاتِ خدا کہیے نہ کیونکر آپ کو / شانِ حق یاد آ گئی روئے مصطفےٰ کو دیکھ کر

دھوپ خورشیدِ قیامت کی ہے یا تیغِ خلیل / امتِ احمد پہ الطافِ خدا کو دیکھ کر

داب لی ہے منہ میں اپنے صورتِ غنچہ زباں / ہم نے قرآں میں تری وصف و ثنا کو دیکھ کر

یاد آتی ہے گلیمِ رحمۃ للعالمیں / مست ہو جاتا ہوں میں کالی گھٹا کو دیکھ کر

زندگی کی ہے لبِ جاں بخش حضرت نے سید / کیوں نہ کھالیں زہر ہم آبِ بقا کو دیکھ کر

لب پہ جاری ہو گیا حضرت کے سُبحٰنَ الّذی
بیتِ اقصیٰ میں صفوفِ انبیا کو دیکھکر

دُور پھینکا منزلوں دشتِ مدینہ سے مجھے
تنگ ہوں اے چرخ تیری اس جفا کو دیکھکر

کیسی حُجّت کر رہے تھے گور میں منکر نکیر
چل دیئے چُپکے جنابِ مصطفےٰ کو دیکھکر

سُرمہ آنکھوں کا نہیں ہوتا مدینے کا غبار
ہاتھ میں ملتا ہوں بختِ نارسا کو دیکھکر

رشکِ رُوئے حورِ جنّت پا ہیں اس محبوب کے
کیوں نہ شرمائیں مہ و خور نقشِ پا کو دیکھکر

بے وضو اے لُطف میں نامِ نبی لیتا نہیں
سب ملک قائل ہیں میرے اِتقا کو دیکھکر

بہتر ہے قمر سے رُخِ نیکوئے پیمبر
ہے مطلعِ انوارِ اَحَد رُوئے پیمبر

وَالشّمس خطابِ رُخِ زیبائے نبی ہے
وَاللّیل ہے یا رو صفتِ موئے پیمبر

شمشاد و گلستانِ کمالات ہے لاریب
وُہ رحمتِ عالم قدِ دلجُوئے پیمبر

کہتی ہے شبِ قدر جسے خلقِ خدا کی
یا رو ہے بلاشک وُہی گیسوئے پیمبر

برباد ندامت سے گئی عطر کی مٹّی
بیشِ عرقِ جسمِ سمن بُوئے پیمبر

بے وجہ نہیں نالہ و فریاد ہوں کرتا
ہے دِل پہ لگا خنجرِ ابروئے پیمبر

اُمّت کی بہی خواہی میں ہر دم لگے رہنا
ہے روزِ ازل سے یہ بشر خوئے پیمبر

ہوا ہے حاضر غلامِ سرور تمہارے روضہ پہ سر جھکا کر
نظرِ عنایت کی کیجے اس پر کہ ہے یہ عاصی تمہارا چاکر
نہ مجھ کو پابند گھر کا رکھو نہ غم اِدھر اور اُدھر کا رکھو

سوالی اپنے ہی در کا رکھو نہ بھیجو محروم گھر بلا کر
تمہیں ہو مونس تمہیں ہو ہمدم تمہیں ہو ہمراز دوست محرم
نہ رکھو مجھ کو مقید غم کرو نہ غمگیں خوشی دکھا کر
تمہیں نے خدمت میں ہے بلایا یہ باب دولت مجھے دکھایا
کرو نہ محتاج اب پرایا بگاڑو عاجز کو مت بنا کر
ہوا ہے نفس شریر دشمن خدا کے رستے میں اپنا رہزن
ہے جس کا پہلو میں میرے مسکن تم اس سے رکھو مجھے بچا کر
ہے مجھ پہ اب حالت ٹھیری ہے وقت افلاس و ضعف و پیری
بغیر حضرت کے دستگیری کرے گا کون اتنی دور آ کر

پیتے ہیں بس خون جگر ہجر میں ہم روز
کھاتے ہیں غذائے غم سلطان امم روز

پابوسی خورشید نبوت ہو میسر
کرتے ہیں دعا ہاتھ اٹھا حق سے یہ ہم روز

اللہ رے صحرائے مدینہ کی لطافت
ہوتا ہے فدا جاں سے گلستان ارم روز

اے باغ نبوت مجھے دکھلا رخ گلگوں
کھٹکے ہے مرے دل میں بہت خار الم روز

شب زلف کے سودے میں گذرتی ہے ہماری
اور رخ کے تصور میں بسر کرتے ہیں ہم روز

میدان ثنائے رخ و زلف شہ دیں میں
جولانی کیا کرتا ہے شبدیز قلم روز

اے بحر کرم وصل سے اپنے مجھے کر شاد
رہتی ہے مری چشم غم ہجر سے نم روز

کیا سیر کروں باغ کی سینہ ہے گلستاں
ہے کثرت داغ غم سالار امم روز

اک لحظہ فراموش نہ کرتے تھے وہ ہرگز
تھے یاد میں امت کے شہنشاہ امم روز

اے بحر عطا کیجئے ہم پر نظر مہر
ماہی سے تڑپتے ہیں غم ہجر میں ہم روز

ارمان مرے دل میں وفا ہے یہی واللہ
مدحِ شہِ لولاک کروں زیبِ رقم روز

کس طرح ہوگا گزارا چشمِ تر اب کے برس
ابرِ غم ہے سر پہ چھایا سر بسر اب کے برس

لاکھ شکر اپنے ادا جا کر کرینگے اے خدا
ہم پہنچ جائیں مدینے میں اگر اب کے برس

گھر کے آئی ہیں گھٹائیں غم کی دل پر تو بھی آ
چاند سے چہرہ پہ زلفیں کھول کر اب کے برس

وہ گدا ہوں تختِ شاہی کی نہ ہو پروا مجھے
آپ کے کوچے میں بستر ہو اگر اب کے برس

آٹھ آٹھ آنسو ہوں روتا آبِ زمزم کیلیے
رہتی ہے برسات یاں آٹھوں پہر اب کے برس

ایک دن مل جائیگی تو خاک میں اے عندلیب
بیٹھی ہے کیا شاخِ گل پر پھول کر اب کے برس

اے گھٹا جاتی ہے کعبے کو برسنے کے لیے
آبِ زمزم کی بھی کچھ لانا خبر اب کے برس

حاجیوں کے قافلے پہنچے وہاں
ہم رہے روتے برنگِ ابرِ تر اب کے برس

ہوگا اکبر لب پہ اِلّا اللہ کا نعرہ بلند
کعبے کی جانب اگر ہوگا سفر اب کے برس

یا الٰہی ہو مدینے کا سفر اب کے برس
ابر کی صورت ہیں گریاں چشمِ تر اب کے برس

موتیوں سے ہجر میں رومال و دامن بھر لیے
آنسوؤں کی جا برستے ہیں گہر اب کے برس

ساون آیا ہے چمن میں نعتِ احمد کے ملار
باری باری گاتے ہیں سب جانور اب کے برس

اشک کے طوفاں میں ڈوبینگے گناہوں کے جہاز
روئیں آنکھیں غم سے گر آٹھوں پہر اب کے برس

درد اٹھا آہ بجلی سی چمک کر رہ گئی
پھر تری باری ہے ہاں اے چشمِ تر اب کے برس

گھر کے آیا ابرِ غم لے چل بہا کر چشمِ نم
سنگِ اسود کا ہے سودا اے سر اب کے برس

دیکھنا ہے ہجرِ احمد میں ہے کس کو غم فزوں
چشمِ نم ہوا کے گریاں ابرِ تر اب کے برس

رشکِ حسرت طیبہ جانے سے سماتھا پامال
بنکے ارماں خود نکل جاؤں گر ابکے برس

یادِ زلفِ شہ میں اکبر رو رہا ہے زار زار
تو بھی رو کالی گھٹا! دِل کھول کر ابکے برس

جیتے جی روضۂ اقدس کو نہ دیکھا افسوس
کبھی پوری نہ ہوئی دِل کی تمنّا افسوس

سایۂ قامتِ حضرت کا نہ پایا مضموں
دام میں اپنے نہ آیا کبھی عنقا افسوس

خدمتِ خادمِ درگاہِ نبی کرتے ہم
پاؤں تک انکے کبھی ہاتھ نہ پہنچا افسوس

اُڑ کے آنکھوں میں کبھی خاکِ مدینہ نہ پڑی
چشمِ بے نور نہ اپنی ہوئی بینا افسوس

کیوں نہ فردوس میں ہم خاک اُڑائیں سر پر
ہم سے قسمت نے چھڑایا ہی مدینہ افسوس

تپشِ دل کا برا ہو مجھے بیدار کیا
خواب کرنے بھی نہ دی انکی زیارت افسوس

کھایا اِک دن نہ غمِ ہجرِ نبی دُنیا میں
جیتے جی مجھ کو رہی فکرِ معیشت افسوس

مر گیا ہجرِ نبی کے وہ اُٹھائے صدمے
حشر تک کرتی رہیگی شبِ فرقت افسوس

ہونگے اللہ سے دیدارِ نبی کے سائل
دِل کرے گا ہمیں سوائے قیامت افسوس

نہ ہوئی ہائے مدینہ کی زیارت حاصل
جیتے جی میں نہ ہوا داخلِ جنت افسوس

لطف ہماری ہیں حضرت کی زیارت کا رہا
نہ ہوئی شربتِ دیدار سے صحت افسوس

کر چکا دِل خنجرِ ہجرِ پیمبر پاش پاش
آستاں پر انکی اب جبکہ کریں سر پاش پاش

وہ صفا دِل پر نبی کے عشق سے دیکھے اگر
سنگِ غم سے کر دے آئینہ سکندر پاش پاش

عیب پوشی گر کرے ستّار میری روزِ حشر
یہ بدن پھولے خوشی سے ہو کے پھٹکر پاش پاش

جبہ سائی آپ کے در کی نہ حاصل ہوگی گر
سر ہی کر دوں گا میں برگشتہ مقدر پاش پاش

آتش عشق نبی سے وہ اگر ہووے نصیب
موم ہو فولاد اور ہو جائے پتھر پاش پاش

زائروں کے پاؤں میں دیکھا ہے جب کانٹا لگا
ہو گئے ہیں دل جگر دونوں برابر پاش پاش

صدمۂ ہجر نبی میں گر کروں نالہ کبھی
سینۂ افلاک ہوں سب جا سے بھٹکر پاش پاش

حشر گہ میں آئینگے یوں ساقی کوثر کے مست
شیشۂ دل ٹکڑے ٹکڑے ہو کے پتھر پاش پاش

لے چلا ہے آستانہ پر نبی کے شوق دل
دیکھئے سر ٹکڑے ٹکڑے ہو کے پتھر پاش پاش

لطف یاد آئیں جو چشم ساقی کوثر وہاں
لے کے دست حور سے کر دونگا ساغر پاش پاش

کیوں نہ ہو باغ و بہار دین و دنیا باغ باغ
پھول ہی تو یا محمد تجھ سے پھولا باغ باغ

گلشن ایجاد میں گر تو نہ ہوتا جلوہ گر
رنگ کے جنتیں عندلیبیں داغ اٹھتا باغ باغ

گلشن کثرت میں اترا گلبن وحدت کا پھول
جشن میلاد محمد کا ہے غنچا باغ باغ

یا نبی تیری گلی ہو اور مرا جسم گلی
ہو گل خورشید کے پرتو سے ذرہ باغ باغ

یا محمد حشر کا دن تخت کا دن ہے ترا
باندھ کر سہرا شفاعت کا ہی چہرا باغ باغ

تیرے باغی ہیں تری دوری سے شاہا داغ داغ
تیرے خادم ہیں تری خدمت سی تھا باغ باغ

سیر ہیں گلشن لاہوت ہے احمد کا میم
چشم حق بین نے اسے رخنہ دکھایا باغ باغ

بلبلیں ہوں کیوں نہ گلدام رگ گل کی اسیر
تیرے حسن سبز کا دنیا ہی دھوکا باغ باغ

گل ترا مکھڑا لب نازک ہے گل کی پنکھڑی
ہے مرے رنگیں ادا تیرا سراپا باغ باغ

رنگ لیاں تیرے مکھڑے کی کہیں دو تمیں ہیں آج
نسترن گل گل شگفتہ ہے تو چمپا باغ باغ

پھر گل افشاں ہو بیاں کہنا نہ تکرار ردیف
بلبلان خلد ہوں سنکر دو غزلہ باغ باغ

ہے رُخِ گلگوں قدِ موزوں کا چرچا باغ باغ — گا رہے ہیں خوش گلو تیرا سراپا باغ باغ

سُن کے سُبْحٰنَ الَّذِیْ اَسْریٰ بِعَبْدِہٖ کا پیام — ہو گیا رُوئے گُلِ باغ فَاَوْحٰی باغ باغ

لب سے گُل جھڑتے تھے اور رُخ سے ٹپکتا تھا گلاب — تھا شبِ اَسریٰ ثریٰ سے تا ثریّا باغ باغ

تر زباں بُلبل کو ہر گُل کو گُلِ تر کر دیا — بن کے شبنم بٹ گیا تیرا پسینا باغ باغ

پڑھتے ہیں غنچے درود اور کرتے ہیں گلبن قیام — بزمِ میلادِ گُلِ یثرب ہے گویا باغ باغ

گُلشنِ ابراہیم میں تھا وہ گُلِ معجز نما — اس مسرّت سے ہوا ہر ایک شعلہ باغ باغ

واہ رے تیرا جمال اللہ رے تیری بہار — پاؤں رکھتے ہی ہوا جنّت کا تختہ باغ باغ

کس خوشی سے وہ گُلِ خوبی ہوا زیبِ بُراق — جیسے ہو آغوش میں دُلہن کے دُلہا باغ باغ

تیری گُل سی برگِ گُل سی بوئے گُل سی گُل سی ہے — باغ باغ اے باغبانِ بن بیجا باغ باغ

گُل ہے تو گلبن ہے تو زینت دہِ گلشن ہے تو — تجھ سے رنگیں پتّی پتّی تجھ سے زیبا باغ باغ

اس رُخِ زیبا قدِ رعنا خطِ زیبا سے ہے — ڈال۔ سبزہ۔ بیل بوٹا پتّا پتّا باغ باغ

بول اُٹھا بُرقع اُٹھا دے مُسکرا دے یا حبیب! — منتظر ہے دیدۂ نرگس سے تیرا باغ باغ

قاریانِ باغ لیتے ہیں ترا خطبہ میں نام — ہے زرِ گُل پر ترے کلمہ کا سکّہ باغ باغ

کس گُلِ تر کے ترانے تھے کہ حوریں ای بیاں
لے گئیں لکھ کر سرِ اوراقِ طوبیٰ باغ باغ

نہ پڑھوں احمدِ مقبول کی کیونکر تعریف — شاہدِ نظم کی خاطر ہے یہ زیور تعریف

ایسی بے مثل لکھے کوئی نہ کیونکر تعریف — وہم و ادراک سے بھی جس کی ہو باہر تعریف

حق تو یہ ہے کہ جو بہتر سے ہی بہتر تعریف — میرے مولیٰ کی وہ کمتر سے ہے کمتر تعریف

خالقِ ارض و سما آپ ہو جس کا مدّاح — ایسے ممدوح کی ہو عبد سے کیونکر تعریف

کوکبِ بخت مرا چرخِ سعادت کا ہے نجم
تیری لکھتا ہوں جو اے مہرِ منور تعریف

اِک جہاں نامِ خدا پڑھتا ہے کلمہ تیرا
چشمِ بد دور تری ہوتی ہے گھر گھر تعریف

حدِ فردوس پہ رضواں ہمیں جب روکے گا
ہم چلے جائینگے حضرت کی سُنا کر تعریف

ہوتے ہیں واں لب و چشمِ ملائک حاضر
احمدِ پاک کی ہوتی ہے جہاں پر تعریف

جنّ و انساں زمیں پہ نہ فقط ہیں مدّاح
کرتے ہیں حور و ملک تیری فلک پر تعریف

ایک دن وسوسۂ شیطاں نے دیا یہ مجھ کو
کیا لکھے گا کوئی اب آپ سے بڑھکر تعریف

دیکھے قرآں میں جب اوصاف کہا تب دل نے
کیا لکھی ایسی کہ بندے نے لکھی گر تعریف

باغِ فردوس ہی خالق سے صلہ میں لینگے
حشر میں کوچۂ پُر نور کی بڑھکر تعریف

دیکھنا راضی ہی کر لونگا خدا کو اے لطف!
حشر کے روز محمدؐ کی سُنا کر تعریف

تک رہے ہیں حشر میں سب میرے مولیٰ کی طرف
ہوں براتی دیکھتے جس طرح دولہا کی طرف

لے چلو اے ہمدمو اے ہمصفیرو لے چلو!
باغِ طیبہ کی طرف گلزارِ بطحا کی طرف

دل کو سودا ہو گیا عشقِ رسول اللہ میں
تھامتا ہوں پر یہ جاتا ہے تہاما کی طرف

کس قدر اللہ کو تھا شوقِ دیدارِ حبیب
دیکھتا تھا دیدۂ رحمت سے بطحا کی طرف

اور یہ کہتا تھا محبت سے کہ اے میرے حبیب!
دیر کیوں کرتا ہے آ جا اپنے شیدا کی طرف

مرحبا جذبِ محبت تھا براقِ برق پا
اُڑ گیا لیکر سریرِ عرشِ اعلیٰ کی طرف

عشق ہی اُنکو خدا سے اور خدا کو اُن سے عشق
حق تو ہے اُن کی طرف وہ حق تعالیٰ کی طرف

شمع کو پروانہ گل کو بلبلیں لیلیٰ کو قیس
دیکھتے ہیں ہم تمہارے روئے زیبا کی طرف

روضۂ محبوب کو جاتا ہوں میں کس شوق سے
تشنہ لب جیسے مسافر کوئی دریا کی طرف

لے چل اے بادِ نبی عشقِ نبی شوقِ نبی
غرب کی جانب عرب کی سمت بطحا کی طرف

تیرا عاشق اور یوں دردر پھرے خانہ خراب
دیکھ تو اس اکبرِ بدنام و رسوا کی طرف

اے رخِ زیبات تصویرِ دعاہائے خلیل
وے قدِ بالات سروِ جویبارِ اسمٰعیل

اے دہانت طوطیِ بستانِ یوحی لا الکلام
وے لبِ لعلت ہزارِ گلستانِ قال و قیل

اے خطت عنوانِ آیات بیاضِ بیّنات
وے عذارت خلق را آئینہ ذاتِ جلیل

زلفِ مشکینت شدہ ظلمت زدائے جہل و کفر
چوں عصائے موسوی دریارہائے ملکِ نیل

سرفگندہ پیش بینیِ تو صد خود بینے
پیش بینیِ تو حکمت ہائے عالم را دلیل

رامِ خود ہندوئے خالت کردہ ہند و سندہ را
شام را چشمِ سیاہت دادہ بیضائے جمیل

مستِ جامِ تو شکست ساغر و مینا کند
اے زنخدانِ تو آب روئے جوئے سلسبیل

انحراف از سجدہ محراب ابروئے خمت
پشت خم کردہ است کسریٰ را و قیصر را ذلیل

منتظر نظارہ ات را چشمِ سینا و شعیر
وز قدومت دشتِ فاران منظرِ زرع و نخیل

کحلِ چشمِ عرشِ اعظم خاکِ پاکِ مقدمت
کمترینِ چاکرانِ بارگاہت جبرئیل

نامِ پاکت حرزِ جانِ خود سلیماں ساختہ
بہرِ مخبر خود کلیمِ طور می خواندت مثیل

یادِ تو وردِ زبانِ خود شعیا می نمود
خوش بیاں می بود و ذکرت مسیحِ گلیل

کوئے تو کعبہ است بل کعبہ از قدومت مفتخر
ویں صراط المستقیم و مذہبت خیر السبیل

قرنِ تو خیر القرون و امتت خیر الامم
ذاتِ تو خیر الوریٰ و نامِ تو خیر الوکیل

نسبتے با تو قوی الّا ز بختِ نارسا
پیکرِ دنیا و دیں ہا ضعیف است و علیل

دیں کہ دی روزش علم می بود بر عرشِ بریں
می شود امروز آماجِ ملامِ ہر ذلیل

ہر چہ ہست از قامتِ ناساز و بد اندامِ ماست
ورنہ تشریفِ تو بر بالائے کس ناید قلیل

بلوحِ دل منقّش اُلفتِ خیر الوریٰ دارم
دلِ خود فارغ از اندیشۂ چون و چرا دارم

زہے طالع زہے قسمت زہے الطافِ یزدانی
کہ ختم الانبیا را شافعِ روزِ جزا دارم

ادائے شکرِ ایں لطفِ ازل از من نمی آید
کہ از فیضانِ نعتِ مصطفےٰ فکرِ رسا دارم

ندارم ہیچ از حسنِ عمل سرمایۂ طاعت
مگر در دستِ دل دامانِ محبوبِ خدا دارم

تولّائے ابوبکر ہست ایمان و یقینِ من
ہمی نازم کہ چون فاروق و عثماں پیشوا دارم

فرود آرم چرا پیشِ لئیماں فرقِ ہمّت را
کہ حلّالِ مہمّم خود علیِّ مرتضیٰ دارم

سرے کز فخرِ نعتِ مصطفےٰ بر آسماں سائم
فدائے ہر دو نور العین شاہِ لافتیٰ دارم

زباں پُر شور و چشمِ اشکبار و سینہ مجروح
دلِ پُر داغ در عشقِ شہیدِ کربلا دارم

خوشا وقتیکہ افتم در زمینِ یثرب و بطحا
ہوائے خاکِ درگاہِ حبیبِ کبریا دارم

ز دردِ مفلسی و بیکسی نالم چرا منشی
کہ بہرِ خود خدائے خویش را مشکلکشا دارم

کے بود یارب کہ رُو در یثرب و بطحا کنم
گہ بمکّہ منزل و گہ در مدینہ جا کنم

بر کنارِ زمزمہ از دل کنم صد زمزمہ
از دو چشمِ خونفشاں آں خانہ را دریا کنم

یا رسول اللہ بسوئے خویشتن ما را رہ نما
تا ز فرقِ سر قدم سازم ز دیدہ پا کنم

آرزوئے جنت الماویٰ برون کردم ز سر
جنّتم ایں بسکہ بر خاکِ درت ماوا کنم

صد ہزاراں جی دریں سودا امروز شد
نیست صبرم بعد ازیں کامروز را فردا کنم

خواہم از سودائے تو پابوس درگاہت شوم
یا بپایت سر نہم یا سر دریں سودا کنم

مردم از شوقِ تو معذورم مگر یک لحظۂ
جامیا سرنامۂ شوقِ دگر انشا کنم

وہ دن خدا کرے کہ مدینہ کو جائیں ہم
خاکِ درِ رسول کا سرمہ بنائیں ہم

جالی پکڑ کے روضۂ اقدس کی ہاتھ سے
سب حالِ دل رسولِ خدا کو سنائیں ہم

آنکھیں ملیں وہ روضۂ اطہر سے اور کبھی
چومیں ولے نہ سر کو وہاں سے اٹھائیں ہم

یارب وہ شوق دے کہ مدینہ میں پہنچ کر
دامن پکڑ کے جیب کے پرزے اڑائیں ہم

آنکھوں سے اپنے چُن کے مدینہ کے خار وخس
زخمِ جگر کے واسطے مرہم بنائیں ہم

قسمت پہ اپنی فخر کریں سو ہزار بار
روئے نبی کو خواب میں گر دیکھ پائیں ہم

احمدؐ کی یہ دعا ہے تمنا ہے یا خدا
دن وہ بھی تو دکھا کہ مدینہ کو جائیں ہم

تم شاہِ ختم المرسلیں اور بندگانِ زار ہم
تم سرورِ روئے زمیں تیرے سگِ دربار ہم

تم چارۂ بیچارگاں اور عاجز و نادار ہم
تم چشمۂ آبِ رواں اور تشنۂ دیدار ہم

تم سروِ بستانِ یقیں ہم قمریٔ اندوہگیں
اے باغبانِ باغِ دیں تم غیرتِ گل خار ہم

تم بادشاہِ انبیا ہم ہیں فقیر و بے نوا
تم ہو سخی ہم بے نوا تم ہو غنی نادار ہم

تیرا سخاوت کام ہے مہر و مروت عام ہے
طٰہٰ و یٰسٓ نام ہے پڑھتے ہیں جو ہر بار ہم

ہے خود خدائے دو جہاں قرآں میں تیرا مدح خواں
رکھیں نہ کیوں وردِ زباں اس نعت کی تکرار ہم

پیارے ہو تم اللہ کے ہادی ہو تم گمراہ کے
پھر کیوں نہ حضرت چاہ کی رکھینگے تجھ سے پیار ہم

عقرب میں اپنے اقربا سب آشنا نہ آشنا
وقتِ مدد آئے سیدا ہیں بیکس و بے یار ہم

غم میں ترے شام و سحر گریاں ہوں مثلِ ابرِ تر
کرتے ہیں دُر و پُر گہر یہ چشمِ گوہر بار ہم

ہیں نفس و شیطاں راندن دونوں مرے جزو بدن
ہیں چار یار اور پنجتن رکھتے ہیں اپنے یار ہم

کیجے کرم بہرِ خدا لیجے خبر یا مصطفےٰ
دیجے ہمیں حبِ شفا ہیں آجکل بیمار ہم

کہنا تھا جو ہم کہہ چکے دکھ درد سارے سہہ چکے
ہیں ہاتھ سے بھی رہ چکے اب کیا کریں تکرار ہم

دم بھر میں جاں کر دیں فدا جھک کر کریں سجدہ ادا
دیکھیں اگر پردہ اُٹھا وہ ابروئے خمدار ہم

سرور! ملیگی سروری دونوں جہاں میں برتری
کرکے نبی کی چاکری کیونکر رہیں بیکار ہم

تا کہ از ہجرِ رسول اللہ واویلا کنم
تا کہ اندر اشتیاقِ مصطفےٰ غوغا کنم

سوزِ دل در اضطرابِ غم چرا افشا کنم
خویش را در دیدۂ مردم چرا رسوا کنم

ہمچو برق از سینۂ سوزاں شوم آتش فشاں
ہم چو ابر از دیدۂ گریاں رواں دریا کنم

جاں دہم در قیمتِ یک تارِ گیسوئے نبی
من ببازارِ محبت اینچنیں سودا کنم

رُوحِ من بر پایۂ عرشِ بریں یابد عروج
از زباں چوں ذکرِ سبحان الذی اسریٰ کنم

نیشکر سازم کہ از ذوقِ حدیثش نامہ را
گاہ در وصفِ لبش در کامِ جاں حلوا کنم

مدح خوانِ احمدی ہستم چرا اندر جہاں
چوں نظامی مدحتِ اسکندر و دارا کنم

طے کنم راہِ مدینہ گر بسر باشد روا
دیدہ فرشِ راہ سازم از سرِ خود پا کنم

یوسفِ من رُو نماید گر ازیں چاہِ فراق
از لبِ حیرت بلند آوازِ یا بشریٰ کنم

خلق خواہد ہرچہ خواہد از خداوند جہاں
من فقط عشقِ رسول اللہ استدعا کنم

شمۂ از خلقِ محمد کے شود از من بیاں
گرچہ صد دفتر بوصفِ احمدی انشا کنم

سروری حاصل کنم سرور میانِ سروراں
گر فدا بر سرورِ عالم دلِ شیدا کنم

صلّوا علیہِ وآلہٖ

وُہ شمع اُجالا جس نے کیا چالیس برس تک غاروں میں
اِک روز جھلکنے والی تھی سب دُنیا کے درباروں میں
گر ارض و سما کی محفل میں لولاک لما کا شور نہ ہو
یہ رنگ نہ ہو گلزاروں میں یہ نُور نہ ہو سیاروں میں
جو فلسفیوں سے کھُل نہ سکا اور نکتہ وروں سے حل نہ ہُوا
وُہ راز اِک کملی والے نے بتلا دیا چند اشاروں میں
وُہ جنس نہیں ایمان جسے لے آئیں دُکانِ فلسفہ سے
ڈھونڈھے سے ملیگی عاقل کو یہ قرآں کے سیپاروں میں
ہیں کرنیں ایک ہی مشعل کی بوبکرؓ و عمرؓ عثمانؓ و علیؓ
ہم مرتبہ ہیں یارانِ نبی کچھ فرق نہیں اِن چاروں میں

نذر کو سب لا رہے ہیں لعل و گوہر ہاتھ میں
کچھ عجب تاثیر تھی اللہ اکبر ہاتھ میں
رشتہ دارِ خلعتِ قربِ الٰہی ہیں وُہی

ہم بھی جاتے ہیں لئے دِل ہاتھ میں سر ہاتھ میں
کلمۂ توحید پڑھ اُٹھتے تھے کنکر ہاتھ میں
تھام لیتے ہیں جو دامانِ پیمبر ہاتھ میں

درجۂ مقبولیت میں سب بنی یکساں نہیں
اُنگلیاں ہوتی نہیں پانچوں برابر ہاتھ میں

منتظر سب ہیں ترے چاہنے والے آجا
دل میں آنکھوں میں دو عالم کے اُجالے آجا

(۲)

ہے کلیدِ درِ جنت ترا نام نامی
سب اسی کنجی سے کھل جاتے ہیں تالے آجا

مرحبا صلِ علیٰ حاملِ بارِ کونین
ڈال کر دوش پہ یہ دونوں دوشالے آجا

مجھ سے حجت کیے جاتے ہیں نکیر و منکر
دے رہا ہوں تری صورت کے حوالے آجا

خلوتِ خاص میں پہنچے تو ندا یہ آئی
کچھ تکلّف نہیں پردہ کو اُٹھالے آجا

(۳)

طلبگار دوائے دردِ دل سرکار میں بھی ہوں
طبیبِ دردمندانِ ازل بیمار میں بھی ہوں

درِ جنت پہ روکے گا اگر رضواں تو کہدوں گا
غلامِ بارگاہِ سیدِ ابرار میں بھی ہوں

براقِ برق پیکر جب نہ آگے بڑھ سکا حد سے
کہا رُوح الامیں نے غاشیہ بردار میں بھی ہوں

اگر جاروب کش ہے اے صبا تو عارضِ لیلیٰ کی
غبارِ خاکِ کوئے احمدِ مختار میں بھی ہوں

سفارش کی جو اُمت کی تو پردہ سے ندا آئی
شفیعِ روزِ محشر آپ ہیں غفّار میں بھی ہوں

کہاں یہ شان کہاں یہ وقار پھولوں میں
تُلیں پسینہ کے پھر کیوں نہ خار پھولوں میں

ہے محوِ وصفِ رُخِ شہ بہار پھولوں میں
نہ کیوں ہو رحمتِ پروردگار پھولوں میں

وہ بوئے رُوح فزا ہے ترے پسینے کی
شمیم ایسی نہیں زینہار پھولوں میں

نہ تجھ سا گل چمنِ کائنات میں پایا
ہزار ڈھونڈھ پھرا روزگار پھولوں میں

جو لالہ ہے رُخِ حضرت تو کاکلیں رگِ گل
بہار دونوں کی ہے آشکار پھولوں میں

نہ ہوگی ہمسرِ خوشبوئے عارضِ حضرت
نسیم رنگ جمائے ہزار پھولوں میں

جو شوقِ رنگِ شہِ دیں میں تن سے جاں نکلی
مرا صبا نے بسایا مزار پھولوں میں

جھلک رہے ہیں یہ قطرے عرق کے گالوں پہ
رلے ہیں یہ گہرِ آبدار پھولوں میں

نبی کے سایۂ رخسار کی بدولت ہے
یہ رنگ رُوپ یہ نقش و نگار پھولوں میں

رخِ رسول کا کیا بلبلوں میں ذکر آیا — ہوئی جو صلِّ علیٰ کی پکار پھولوں میں
بہارِ صدق و صفا آب و رنگِ عدل و کرم — عیاں ہے صاف خلافت کی چار پھولوں میں
غمِ نبی میں ہوا ہے جو داغ دل کو نصیب — کہاں وہ رنگ کہاں وہ بہار پھولوں میں

نجیب ہم گلِ روئے نبی کے شیدا ہیں
رہے گا بلبلِ دل بیقرار پھولوں میں

خوابِ راحت تا کجا یا رحمةً للعلمین — چشمِ رحمت برکشا یا رحمةً للعلمین
ما و جوشِ صد تمنا۔ تو و آغوشِ لحد — از جبیں برکش ردا یا رحمةً للعلمین
دشت و رو از سیلِ اشکِ عاشقانِ زار شو — نہ بروں از حجرہ پا یا رحمةً للعلمین
شانہ کش و رہر دو زلفِ مشکبارِ خویشتن — از دلِ صد چاکِ ما یا رحمةً للعلمین
جائے ما زاغ البصر از جان ہائے سوختہ — دیدگاں کن سرمہ سا یا رحمةً للعلمین
حلّہ نو زیب برکن و از قدِ محشر خرام — زود کن محشر بپا یا رحمةً للعلمین
ما گنہگارانِ امت را بہ پیشِ ذوالجلال — در شفاعت لب کشا یا رحمةً للعلمین

گر نباشد اینہمہ در بارگاہِ خود بخواں
ایں فقیحِ زار را یا رحمةً للعلمین

تو جانِ پاکی سراسر نے آب و خاک ای نازنیں — واللہ ز جاں ہم پاک تر روحی فداک ای نازنیں
پاکاں ندیدہ روئے تو جاں دادہ اندر کوئے تو — اینک بہ گردِ کوئے صد جانِ پاک ای نازنیں
رفتی بہ گلگشتِ چمن گل دید لطفِ آں بدن — از شوقِ آں بر خویشتن زد جامہ چاک ای نازنیں
گر شد چو لالہ بیکرم غرقہ بخوں کے غم خورم — ایں بسکہ بر دل می برم داغت بخاک ای نازنیں

دارم زغم بیمارئیے بیمارِ غم را یارئیے — گر تو کنی غمخواریے از غم چه باک ای نازنیں!
با آنکه دردم شد قوی چو ہم فغانم نشنوی — زیں رسم که بہرِ من شوی اندیشه ناک ای نازنیں!

جامیؔ که دارد با تو خو ہرگز نتابد از تو رُو
گر خود نہی بر فرقِ او تیغِ ہلاک اے نازنیں!

عارض ہست ایں یا قمر یا لالۂ احمر ست ایں — یا شعاعِ مہر یا آئینۂ دل ہا ست ایں
قامت ہست ایں یا الف یا سرو یا نخلِ مُراد — یا ثمر گلدستۂ باغِ جہاں آراست ایں
زلفِ تو زنجیر یا قلّاب یا مُشکِ ختن — سنبلِ تر یا سمن یا عنبرِ سارا ست ایں
چشمِ تو آہو ہست یا جادو ہست یا صیّادِ خلق — یا دو بادامِ سیہ یا نرگسِ شہلا ست ایں
یارب ایں طاق ہست یا محراب یا قوسِ قزح — یا ہلالِ عید یا ابروئے ماہ ما ست ایں
کوئے تو کعبہ ہست یا فردوس یا خلدِ بریں — یا گلستانِ ارم یا جنت الماویٰ ست ایں
حُقّۂ لعل ست یا سرچشمۂ آبِ حیات — یا دہن یا میم یا طوطیِ شکّر خا ست ایں
یارب! ایں خورشیدِ تاباں ہست یا ماہِ تمام — یا فرشتہ یا پری یا شوخِ بے پروا ست ایں

بلبلِ بے خانماں یا طوطیِ شیریں زباں
قمریِ باغِ جناں یا جامیؔ شیدا ست ایں

یارب بسوئے وادیِ یثرب سفر کروں — خاکِ درِ رسول کو کحل البصر کروں
گر کچھ ہجومِ شوق میں گریہ بسر کروں — عالم کو آہ و نالہ سے زیر و زبر کروں
دل میرا اشتیاق مدینہ سے ہے طپاں — کیونکر زمینِ ہند میں حضرت بسر کروں
پہنچائے گر شمیمِ مزارِ رسول پر — جاں کو نیازِ لطفِ نسیمِ سحر کروں

حضرت خدا کے واسطے اب تو بلایئے
حضرت غمِ فراق سے تاب و تواں نہیں
ہو جائے رشکِ ماہ مرا جسمِ عنصری

کب تک میں آہ و نالہ یہاں دربدر کروں
کیونکر بیانِ شدتِ دردِ جگر کروں
دل میں خیالِ روئے منور اگر کروں

ہو جائے گر قبول تو ہے فخرِ دو جہاں
جاں کو میں نذرِ حضرتِ خیر البشر کروں

سب بولتے ہیں آپ کو سجدہ روا نہیں
کس طرح پہنچیں روضۂ اقدس پہ یا رسول!
حامیِ حشر باعثِ ایجادِ کل ہیں آپ
خاکِ قدومِ پاک کو ڈھونڈھو ہو بہو
پیغمبر ایک لاکھ ہوئے اور کئی ہزار
اس آفتابِ روزِ قیامت کی دھوپ یا

کیا تجھے بابنی ا کہ یہ دل مانتا نہیں
طالع کی یاوری نہیں بخت رسا نہیں
کیونکر کہوں کہ آپ سے کچھ مدعا نہیں
دنیا میں اس سے بڑھ کے کوئی کیمیا نہیں
سردارِ انبیا کوئی تم سا ہوا نہیں
دامانِ مصطفےٰ کے سوا آسرا نہیں

تاریکیِ لحد میں محمد کا منہ دکھا
اللہ تجھ سے اور میں کچھ مانگتا نہیں

ہوتا ہے سدا ذکرِ خدا کا مرے دل میں
جلوہ مری آنکھوں میں ہو نقشا مرے دل میں
بس جاؤں میں اس ہند سی بس جائے الٰہی
پڑھتا ہی ہمیشہ کوئی اللہ سا مشتاق
محبوب کسی طرح سے لے مرے دل کو

محبوبِ الٰہی کا ہے حجرا مرے دل میں
آ جا مری آنکھوں میں سما جا مرے دل میں
مکہ مری آنکھوں میں مدینا مرے دل میں
اسمائے محمد کا وظیفہ مرے دل میں
رہتا ہے ترا چاہنے والا مرے دل میں

آجا ہے محبوبِ خدا بچھ گئیں پلکیں
ہو جلوہ فگن طور کا اور عرشِ بریں کا
پردے مری آنکھوں کو کر اٹھ جائیں غضب کو

آنکھوں کے ہی دروازہ سے رستا مرے دل میں
سُرمہ مری آنکھوں میں تجلّا مرے دل میں
کیوں ڈالے ہوئے بیٹھا ہے پردا مرے دل میں

آتی ہیں محمدؐ ہی محمدؐ کی صدائیں
اکبر ہے محمدؐ ہی سمایا مرے دل میں

اے چراغِ آسماں رحمتِ حق بر زمیں
از میانِ صد بلا من سُوئے تو بگریختم
یا درِ انّا فتحنا بر کشا تا بنگرم
یا الم نشرح رواں کن چارہ جو در سینہ ام
دیدہ جیحوں سینہ پُر خوں دل کباب افتادہ ام
گر خدا توفیق بخشد دمنت آرم بکف
شب ز ہجرت زار نالم روز بے رُویت سیاہ

نالہ من گوش دار و حالِ زارِ من ببیں
دستِ رحمت بر سرم نِہ یا شفیع المذنبین
صد ہزاراں گلستان و صد ہزاراں یاسمیں
جوئے آب و جوئے شیر و جوئے خمر و انگبیں
رحم کُن بر حالِ من یا رحمۃً للعالمین
جاں سپارم من بہ پیشت آرزو دارم چنیں
چند سوزم ہمچو شمعے اے شہِ دنیا و دیں

تا بدینا بودم از ہجرت نیاسودم دمے
در لحد ہم مبتلا باشم میانِ ماو طیں

ترے پیغام بھی اللہ کو کیا پیارے ہیں
اس سے کر لیجیے آوازہ عالی کا قیاس
مصحفِ روئے محمدؐ کی محبت کی طفیل
یہ تو موسیٰ ! کبھی اللہ سے پوچھا ہوتا

جو فرشتے ہیں تری ڈاک کے ہرکارے ہیں
مہر و مہ نوبتِ سرکار کے نقارے ہیں
پارہ ہائے جگر و دل نہیں سیپارے ہیں
کس کے انداز حسینوں میں بہت پیارے ہیں

حوضِ کوثر وہ ہزاروں میں ہیں یا نیولے
جنکی آنکھوں میں اچھلتے ہوئے فوارے ہیں

کاش روکیں نہ ہمیں فردوس میں جانے سے ملک
رحم کھا کر وہ کہیں جائے نہ وہ بیچارے ہیں

درد کا جسکے ہو درماں کرے عیسیٰ کی تلاش
چارہ گر اُن کے محمد ہیں جو بیچارے ہیں

بے صدا غیب سے اُمت کے گنہگاروں کو
جنکے پیارے ہو تم اللہ کے وہ پیارے ہیں

دینِ ماضی ہیں ترے دین کے آگے ماضی
تو ہے خورشید اگر اور نبی تارے ہیں

رات کی رات تو در پہ ہمیں پڑ رہنے دو
کہ بہت دور سے آئے ہیں تھکے ہارے ہیں

آتشِ عشقِ نبی کا ہے یہ فیض اے حافظ
پہلوؤں میں جگر و دل نہیں انگارے ہیں

محمد مصطفیٰ! گنجِ سعادت کے امیں تم ہو
شفیع المذنبیں ہو رحمۃ للعالمیں تم ہو

ہوئی تکمیلِ دیں تم سے کہ ختم المرسلیں تم ہو
رسالت ہے اگر انگشتری اُسکے نگیں تم ہو

نہ ہوتے تم تو عرش و فرش کا نقشہ نہ جم سکتا
یہ دنیا اعتباری تھی حقیقت آفریں تم ہو

مُبرّا کر دیا تم نے خدا کو ذمہ داری سے
کہ ختمِ حجتِ حق کی نشانی بالیقیں تم ہو

نمکدانِ جہانِ ہستی کا تمہارا حسن دلکش ہے
خدا جس پر ہوا سو جاں سے شیدا وہ حسیں تم ہو

اگر پروردگارِ انس و جاں کو ہم نے پہچانا
بلا شبہ و بلا شک اس کی وجہ اولیں تم ہو

تمہارا خوف ہو دل میں تو بیڑا پار ہے اپنا
خدا کا ڈر نہیں ہم کو جب اسکے ہم نشیں تم ہو

دلِ شکستہ کو بھی اپنے اوپر ناز ہے کیا کیا
یہ وہ آئینہ ہے جسکے سکندر بالیقیں تم ہو

تمہاری یاد جس دل میں ہو ایسے دل کا کیا کہنا
مکاں ہوگا عجب ہی شان کا جسکے مکیں تم ہو

ہوئی کافور ظلمت کفر کی جس کی شعاعوں سے
زمانہ پر یہ روشن ہے کہ وہ مہرِ مبیں تم ہو

نہ ہو آیاتِ فتحنا کا نشاں کیوں آشکارا جب
علم بردارِ حق تم ہو سپہ سالارِ دیں تم ہو

خدا کیونکر نہ کھینچے معصیت پر مغفرت کا خط
مسلماں مذنبیں ہیں اور شفیع المذنبیں تم ہو

ہوا اسلام کا شرمندۂ احساں جہاں سارا | ہر اک اقلیم پر برسا گئے دُرِّ ثمیں تم ہو

لقب خیر الامم جس کو دیا تاریخ عالم نے
اُس اُمّت کے نگہباں اس زمانے میں تمہیں تم ہو

صَلُّوا عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ

بلبِ مسیح شفائے او بیدِ کلیم عصائے او | بسرِ خلیل عطائے او ہمہ عالم است گدائے او
بَلَغَ الْعُلیٰ بِکَمَالِہٖ | کَشَفَ الدُّجیٰ بِجَمَالِہٖ
حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ | صَلُّوا عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ

ہمہ نوریاں ثنائے او ہمہ عرشیاں دعائے او | ہمہ فرشیاں بہ ولائے او ہمہ عرش و فرش برائے او
بَلَغَ الْعُلیٰ بِکَمَالِہٖ | کَشَفَ الدُّجیٰ بِجَمَالِہٖ
حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ | صَلُّوا عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ

چو ہوا رود چو نظر رسد چو صدا رود چو خبر رسد | چو دُعا رود چو اثر رسد بنگر بسیر و صفائے او
